# 100
# شرعی مسائل کا مجموعہ
## (حصہ دوم)

مصنف

ابو بنتین محمد فراز عطاری مدنی مدظلہ العالی

نظر ثانی

ابو احمد مفتی انس رضا قادری مدنی

## ابو احمد مفتی انس رضا قادری دامت برکاتہم العالیہ

(دارالافتاء اہلسنت لاہور)

ماشاء اللہ مولانا فراز مدنی صاحب نے مختصر جوابات کی دوسری فائل 100 سوال کے جوابات پر مشتمل تیار کی ہے ،جس میں ہر مسئلہ کو اس کے باب کے تحت ذکر کیا ہے تاکہ عام و خواص اس سے استفادہ کرسکیں۔ الحمدللہ ان کی تحریر اور وقت میں بہت برکت ہے کہ بہت جلد اچھا جواب لکھ لیتے ہیں ، اللہ کریم یہ مختصر جوابات ان کے لیے صدقہ جاریہ بنائے۔۔ آمین۔

جواب نمبر 101 لکھا

13 جون بمطابق 13 ذو القعدہ

جواب نمبر 200 لکھا

26 جولائی بمطابق 26 ذو الحجہ

---

حصہ اول حاصل کرنے کے لئے اس نمبر پر رابطہ کریں

03333231223

یا اس لنک سے ڈاؤن لوڈ کریں

https://archive.org/details/20220614_20220614_1837/

ای میل: farazattari26@gmail.com

فیس بک: fb.com/farazattarimadani

# فہرست

## عقائد و معمولات



## طھارت



## اذان



## نماز

## جمعہ



## مسافر کی نماز



## جماعت

27) اپنی نماز پڑھنے کے بعد جماعت کھڑی ہوگئی
28) امام پر غسل فرض ہو
29) نابینا کی امامت

## لقمہ

30) امام پانچویں کیلئے کھڑا ہوجائے تو
31) ایک سورت چھوڑ کر پڑھنے پر لقمہ دینا

## نمازِ جنازہ

32) خودکشی کرنے والے اور چور کی نمازِ جنازہ

## آیت سجدہ

33) طالب علم کا ایک ہی آیت سجدہ کو کئی بار پڑھنا

## وقف

34) مسجد کی کھجوریں پک جائیں تو کیا کریں

## زکوٰۃ

35) دوران سال نصاب میں کمی واقع ہوگئی

## حج و عمرہ

36) کیا حج بدل کے لیے حاجی ہونا ضروری ہے
37) طواف کے دوران اگر وضو ٹوٹ جائے

## نکاح وطلاق



## قسم

## قربانی



## خواتین کے مسائل

## حلال و حرام

87) قرض لوٹاتے وقت زیادہ پیسے دینا

## کاروبار/جدید مسائل

88) مِلک شیک کا کام کرنا
89) کرنسی کا ریٹ بڑھنے پر بیچنا
90) ٹاپ مارنا کیسا
91) سگریٹ بیچنا
92) گٹکا کھانا اور بیچنا
93) اسمگلنگ کا مال خریدنا
94) یوٹیوب کے سبسکرائبر بیچنا
95) نیٹ روک مارکیٹنگ
96) فاریکس ٹریڈنگ
97) ایفیلیٹ مارکیٹینگ
98) ادھار لیکر رقم ٹرانسفر کرنے پر زیادہ دینا
99) ڈیٹا ٹرانسفر
100) ہئیر ٹرانسپلانٹ

# عقائد
# و
# معمولات

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

1

## اللہ ہی لکھتا ہے اور مٹاتا ہے کہنا کیسا

**سوال:** ایک شخص کہتا ہے اللہ ہی لکھتا ہے اور وہی اس کو مٹاتا ہے، یہ کہنا کیسا؟

User ID: عامر رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

یہ دراصل قرآن کی آیت ہے، اللہ پاک فرماتا ہے: یَمْحُوا اللّٰهُ مَا یَشَآءُ وَ یُثْبِتُ ۚۖ وَ عِنْدَهٗۤ اُمُّ الْكِتٰبِ ترجمہ: اللہ جو چاہتا ہے مٹادیتا ہے اور برقرار رکھتا ہے اور اصل لکھا ہوا اسی کے پاس ہے۔ (الرعد: 39) اس کی تفسیر میں ہے: حضرت سعید بن جبیر اور حضرت قتادہ رضی اللہ عنہما اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ جن احکام کو چاہتا ہے منسوخ فرماتا ہے اور جنہیں چاہتا ہے باقی رکھتا ہے۔ حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ کا ایک قول یہ بھی ہے کہ بندوں کے گناہوں میں سے اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے مغفرت فرما کر مٹادیتا ہے اور جو چاہتا ہے ثابت رکھتا ہے۔ اس میں اور بھی اقوال ہیں۔ ایک قول یہ ہے کہ آیت میں مذکور اُمُّ الکتاب سے مراد اللہ تعالیٰ کا علم ہے جو کہ ازل سے ہی ہر چیز کا اِحاطہ کئے ہوئے ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ اُمُّ الکتاب سے لوحِ محفوظ مراد ہے جس میں تمام کائنات اور عالَم میں ہونے والے جملہ حوادِث وواقعات اور تمام اَشیا لکھی ہوئی ہیں اور اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔ (صراط الجنان، جلد 5، صفحہ 136)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

13 ذوالقعدہ 1443ھ 13 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

2

## دل اللہ کی دو انگلیوں کے درمیان

**سوال:** ہمارے دل اللہ کی دو انگلیوں کے درمیان ہیں کہنا کیسا؟ سید اکرم :user id

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مسلم شریف کی حدیث پاک میں ہے: ان قلوب بنی آدم کلھا بین إصبعین من أصابع الرحمن کقلب واحد، یصرفہ حیث یشاء ثم قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللھم مصرف القلوب، صرف قلوبنا علی طاعتک ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ سب لوگوں کے دل اللہ کی انگلیوں میں سے دو انگلیوں کے درمیان ہیں ایک دل کی طرح جیسے چاہتا ہے انہیں پھیرتا ہے پھر فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اے اللہ اے دلوں کے پھیرنے والے ہمارے دل اپنی فرمانبرداری کی طرف پھیر دے۔

(مسلم، کتاب القدر، 2654)

شرح: یہ عبارت متشابہات میں سے ہے کیونکہ رب تعالیٰ انگلیوں، ہاتھوں وغیرہ اعضاء سے پاک ہے، مقصد یہ ہے کہ تمام کے دل اللہ کے قبضہ میں ہیں کہ نہایت آسانی سے پھیر دیتا ہے، جیسے کہا جاتا ہے تمہارا کام میری انگلیوں میں ہے، یا میں سوالات کا جواب چٹکیوں سے دے سکتا ہوں۔ (مرآۃ، 1/85)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

17 ذو القعدہ 1443 ھ 17 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

3

## اللہ پاک کو حاضر ناظر کہنا

**سوال:** اللہ پاک حاضر وناظر ہے کہنا کیسا؟ **User ID:** محمد طیب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اللہ پاک کو حاضر وناظر کہنا جائز نہیں کیونکہ یہ الفاظ اللہ پاک کے لئے شریعت میں وارد نہیں ہوئے اور ان کا لغوی معنی اللہ پاک کی شایان شان نہیں، اس کی جگہ سمیع وبصیر کا استعمال کیا جائے کہ یہ الفاظ شریعت میں وارد ہیں اور یہ اللہ پاک کی صفات یعنی اس کا ہر چیز کو دیکھنا اور سننا کو کماحقہ بیان کرتے ہیں۔ وقار الفتاوی میں ہے: حاضر وناظر کے جو معنی لغت میں ہیں، ان معانی کے اعتبار سے اللہ تعالیٰ کی ذات پر ان الفاظ کا بولنا جائز نہیں ہے ۔ حاضر کا معنی عربی لغت کی معروف ومعتبر کتب المنجد اور مختار الصحاح وغیرہ میں یہ لکھے ہیں: نزدیکی، صحن، حاضر ہونے کی جگہ، جو چیز کھلم کھلا بے حجاب آنکھوں کے سامنے ہو، اسے حاضر کہتے ہیں اور ناظر کے معنی مختار الصحاح میں آنکھ کے ڈھیلے کی سیاہی، جبکہ نظر کے معنی کسی امر میں تفکر وتدبر کرنا، کسی چیز کا اندازہ کرنا اور آنکھ سے کسی چیز میں تامل کرنا لکھے ہیں ۔ ان دونوں لفظوں کے لغوی معنی کے اعتبار سے اللہ تعالیٰ کو پاک سمجھنا واجب ہے۔ بغیر تاویل ان الفاظ کو اللہ تعالیٰ پر نہیں بولا جا سکتا۔ اسی لیے اسماء حسنی میں حاضر وناظر بطور اسم یا صفت شامل نہیں ہیں۔ قرآن وحدیث میں یہ الفاظ اللہ تعالیٰ کے لیے آئے ہیں اور نہ ہی صحابہ کرام اور تابعین یا ائمہ مجتہدین نے یہ الفاظ اللہ تعالیٰ کے لیے استعمال کیے ہیں ۔

(وقار الفتاوی، جلد1، صفحہ66، مطبوعہ کراچی)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

2ذو الحجہ 1443/ 2جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

4

## عامل سے تقدیر کے متعلق سوالات

**سوال:** عامل سے تقدیر کے متعلق سوالات کرنا کیسا؟

User ID: اعجاز قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر عامل سے اس اعتقاد کے ساتھ سوال کرتا ہے کہ یہ جو بتائے گا حق و سچ ہے تو دائرہ اسلام سے خارج ہو جائے گا اور اگر اعتقاد کے ساتھ نہ ہو لیکن اس کے بتائے پر رغبت رکھتا ہو تو حرام ہے اور اگر ہنسی مذاق کے طور پر ہو تو مکروہ و ناپسندیدہ ہے البتہ کوئی اہل علم ہو اور اس کو عاجز کرنے کے لئے سوال کرے تو حرج نہیں۔ (ماخوذا: فتاوی رضویہ، جلد 21، 155)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

18 ذوالحجہ 1443/18 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# طہارت

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

5

## ناپاک کپڑوں میں نماز

**سوال:** اگر کسی نے بھول کر خون والے ناپاک کپڑوں میں نماز پڑھ لی بعد میں پتا چلا تو کیا حکم ہے؟

User ID: نقشبندی رضوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

خون نجاست غلیظہ ہے اور نجاست غلیظہ کا حکم یہ ہے کہ اگر ناپاکی درھم سے زیادہ ہو تو قضا کی نیت سے اس نماز کو دوبارہ پڑھنا فرض ہو گا کیونکہ وہ نماز نہ ہوئی اور اگر درھم کے برابر ناپاکی ہو تو نماز ہو گئی مگر اس نماز کو دوبارہ پڑھنا واجب ہے اور درھم سے کم ہو تو نماز ہو گئی، دوبارہ پڑھنا ضروری نہیں مگر دہرانا بہتر ہے۔ (ماخوذا: بہار شریعت، 1/389)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

26 ذو القعدہ 1443 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

6

## چڑیا کی بیٹ

**سوال:** گھر میں چڑیوں کے لئے پانی رکھا ہے وہاں چڑیاں بیٹ کر دیتی ہیں تو کٹورے کو دھوتے ہوئے چھینٹے کپڑوں پر لگتے ہیں تو کیا کپڑے ناپاک ہو جائیں گے؟

User ID: ارمان رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اونچا اڑنے والے حلال پرندوں کی بیٹ پاک ہوتی ہے یعنی کپڑوں پر لگ جائے تو کپڑے ناپاک نہیں ہوں گے اور چڑیا بھی حلال پرندہ ہے لہذا اس کٹورے سے پانی کے چھینٹے اڑ کر کپڑوں پر لگنے سے کپڑے ناپاک نہیں ہوں گے۔ بحر الرائق میں ہے: فما یؤکل لحمه کالحمام و العصفور۔۔ انه طاھر ترجمہ: اور جن پرندوں کا گوشت کھانا حلال ہے جیسے کبوتر اور چڑیا ان کی بیٹ پاک ہے۔ (بحر الرائق، جلد 1، صفحہ 400)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

30ذو القعدہ 1443، 30جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# 7

## غسل کرنے کے بعد دوبارہ منی خارج ہو

**سوال:** منی خارج ہونے کے بعد غسل کرلیتے ہیں پھر دوبارہ کچھ خارج ہوتی ہے تو کیا دوبارہ غسل کرنا ہوگا؟

User ID: راحیل احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر غسل کرنے سے پہلے پیشاب کرلی یا چالیس قدم چل لئے یا سوگئے پھر غسل کیا، اب اگر بلا شہوت منی خارج ہوئی تو یہ پہلے والے کی بقیہ نہیں جو اپنے محل سے شہوت کے ساتھ جدا ہوئی تھی لہذا دوبارہ غسل فرض نہیں اور اگر ان میں سے کچھ نہ کیا اور غسل کے بعد منی خارج ہوئی تو وہ پہلے والے کی بقیہ ہے لہذا دوبارہ غسل کرنا ہوگا۔ بہار شریعت میں ہے: اگر منی کچھ نکلی اور قبل پیشاب کرنے یا سونے یا چالیس قدم چلنے کے نہالیا اور نماز پڑھ لی اب بقیہ منی خارج ہوئی تو غسل کرے کہ یہ اسی منی کا حصہ ہے جو اپنے محل سے شہوت کے ساتھ جدا ہوئی تھی اور پہلے جو نماز پڑھی تھی ہوگئی اس کے اعادہ کی حاجت نہیں اور اگر چالیس قدم چلنے یا پیشاب کرنے یا سونے کے بعد غسل کیا پھر منی بلا شہوت نکلی تو غسل ضروری نہیں اور یہ پہلی کا بقیہ نہیں کہی جائے گی۔

(بہار شریعت، حصہ 2، صفحہ 321)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

25 ذو الحجہ 1443/25 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

8

## پول (Pool) میں وضو و غسل

**سوال:** کیا swimming pool میں وضو و غسل کر سکتے ہیں؟

User ID: عاصم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سوئمنگ پول میں موجود پانی کی بالائی سطح اگر دہ در دہ یعنی اس کی کل پیمائش سو ہاتھ (225 فٹ) ہے تو یہ پانی جاری پانی کے حکم میں ہے اور اس میں وضو و غسل کرنے سے وضو و غسل ہو جائے گا جبکہ نجاست سے رنگ، بو یا مزہ نہ بدلے۔ اگر اس مقدار سے کم سوئمنگ پول ہے اور اس میں نجاست پڑنے یا مستعمل ہونے کا یقین نہیں تو وضو و غسل جائز ہے مگر دہ در دہ سے کم پول میں وضو کرنے سے بچنا چاہیے کہ اس کے مستعمل ہونے کا قوی اندیشہ ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

25 ذو الحجہ 1443/25 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# اذان

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

9

## بے وضو اذان

**سوال:** ہمارے امام صاحب استنجا کر کے اذان دیتے ہیں وضو بعد میں کرتے ہیں ان کا ایسا کرنا کیسا؟

User ID: الطاف اعوان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بے وضو اذان دینا ناپسندیدہ ہے لیکن اگر کسی نے دی تو اذان درست ہو جائے گی۔ بہار شریعت میں ہے: بے وضو کی اذان صحیح ہے، مگر بے وضو اذان کہنا مکروہ ہے۔

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 466)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

29 ذوالقعدہ 1443 29 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# نماز

10

## نماز شروع کرنے کے بعد وقت ختم ہو گیا

**سوال:** میں نے مجبوری کی وجہ سے عصر کی نماز کی تکبیر وقت ختم ہونے سے ایک منٹ پہلے کہی اور سلام وقت ختم ہونے پر پھیرا، کیا نماز ہو گئی؟

User ID: جواد خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

آپ کی نماز ہو گئی کیونکہ نماز فجر، جمعہ اور عیدین کے علاوہ باقی نمازوں میں وقت کے اندر سلام پھرنا ضروری نہیں یعنی اگر تکبیر تحریمہ وقت کے اندر کہی اور دوران نماز وقت ختم ہو گیا تو بھی نماز ادا ہو جائے گی البتہ فجر، جمعہ و عیدین کی نمازوں میں تکبیر تحریمہ کے ساتھ ساتھ سلام بھی وقت کے اندر پھرنا ضروری ہے، ان نمازوں میں اگر دوران نماز وقت ختم ہو گیا تو نماز نہیں ہو گی، دوبارہ ادا کرنی پڑے گی۔ (ماخوذا: بہار شریعت، صفحہ 701)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

14 ذو القعدہ 1443ھ 14 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

11

## فجر کی نماز کے دوران سورج طلوع ہو گیا

**سوال:** فجر میں آنکھ دیر سے کھلی اب اگر نماز کے دوران سورج نکل آیا تو نماز کا کیا حکم ہے؟

User ID: بنت اشرف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

فجر کی نماز کے دوران اگر سورج نکل آئے تو نماز ٹوٹ جائے گی کیونکہ فجر کی نماز کا کم از کم ایک سلام وقت کے اندر پھرنا ضروری ہے یعنی اگر ایک طرف السلام کہنے کے بعد سورج نکل آیا تو نماز ہو جائے گی اور اگر اس سے پہلے سورج نکل آیا تو نماز نہیں ہوگی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: نمازِ فجر میں اگر قعدہ سے پہلے آفتاب نکل آیا یعنی ہنوز اتنی دیر جس میں التحیات پڑھ لی جائے نہ بیٹھنے پایا کہ سُورج کی کرن چمکی تو بالاتفاق جاتی رہی اور اگر تحریمہ نماز سے باہر آنے کے بعد نکلا تو بالاتفاق ہوگئی مثلاً جب تک پہلی بار لفظ السلام کہا تھا سورج نہ نکلا تھا السلام کہتے ہی فوراً چمک آیا کہ علیکم ورحمۃ اللہ سورج نکلنے میں کہا تو نماز صحیح ہوگئی۔۔۔الخ (فتاوی رضویہ، جلد 5، صفحہ 314)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

14 ذو القعدہ 1443ھ 14 جون 2022ء

12

## دن کے نوافل میں جہری قراءت

**سوال:** منزل یاد کرنے کے لئے دن میں اکیلے نوافل پڑھتے ہوئے بلند آواز سے قراءت کرسکتے ہیں؟

User ID: حافظ محسن رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

دن کے نوافل میں آہستہ قراءت کرنا امام و منفرد دونوں ہی پر واجب ہے لہذا منزل یاد کرنے کے لئے بھی دن میں نوافل پڑھیں تو قراءت آہستہ کرنی ہوگی۔ بہار شریعت میں ہے: دن کے نوافل میں آہستہ پڑھنا واجب ہے اور رات کے نوافل میں اختیار ہے اگر تنہا پڑھے اور جماعت سے رات کے نفل پڑھے، تو جہر واجب ہے۔ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 545)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

26 ذو القعدہ 1443 26 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

13

## نماز کا سجدہ بھول گیا

**سوال:** اگر کسی نے نماز میں ایک سجدہ کیا اور دوسرا بھول گیا تو کیا حکم ہے؟

User ID: اسرار احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کوئی کسی رکعت کا سجدہ بھول جائے تو جب یاد آئے وہ سجدہ کرلے اور پھر وہیں سے نماز جاری رکھے اور آخر میں سجدہ سہو کرلے اور اگر نماز کے بعد یاد آئے تو جب تک نماز توڑنے والا عمل نہ کیا ہو سجدہ کرلے پھر سجدہ سہو کر کے نماز مکمل کرے۔ (کتب فقہ)



واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

26 ذوالقعدہ 1443ھ 26 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

## 14 رکعت کی تعداد میں شک ہوا تو

**سوال:** ظہر کی فرض نماز پڑھتے ہوئے چوتھی یا پانچویں ہونے کا شک ہوا تو کیا کرنا چاہیے؟

User ID: انیقہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز میں اگر رکعتوں کی تعداد میں شک واقع ہو تو قاعدہ یہ ہے کہ اگر بالغ ہونے کے بعد یہ پہلی بار نہیں ہوا تو پہلے تحری کرے یعنی غور وفکر کرے، جس پر دل جم جائے اس پر عمل کرے مثلا گمان غالب ہو گیا کہ یہ چوتھی ہے تو اسی پر عمل کرے، اور اگر پانچویں کا گمان غالب ہو تو جب تک اس رکعت کا سجدہ نہ کیا ہوا واپس آئے، قعدہ نہ کیا ہو تو قعدہ کرے اور سجدہ سہو کر کے نماز مکمل کرے مگر غور و فکر کرنے میں تین تسبیح کی مقدار خاموش نہ رہے ورنہ سجدہ سہو واجب ہو جائے گا، اگر گمان غالب نہیں ہوتا تو کم والی کو اختیار کرے یعنی مثلا چار یا پانچ میں شک ہوا تو اس کو چوتھی گمان کرے اور رکعت پوری کر لے اور آخر میں سجدہ سہو کر کے نماز مکمل کر لے۔

نوٹ: اگر دوسری اور تیسری یا تیسری اور چوتھی میں شک ہوا تو کم والی کو اختیار کرنے کی صورت میں تیسری اور چوتھی دونوں میں قعدہ کرنا لازم ہے اور آخر میں سجدہ سہو کرے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

1ذو الحجہ 1443ھ 1 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

15

## تیزاب والے کپڑے

**سوال:** میں فیکٹری میں کام کرتا ہوں وہاں بلیچ اور تیزاب کا استعمال زیادہ ہے اور بعض اوقات وہ کپڑوں پر لگ جاتا ہے تو اس میں نماز ہوجائے گی؟

User ID: عثمان نذیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

تیزاب اور بلیچ ناپاک نہیں ہوتے، اگر کپڑوں پر لگ جائیں تو کپڑے ناپاک نہیں ہوں گے اور اس میں نماز بھی ہوجائے گی البتہ ان کے لگے ہونے کی حالت میں نماز پڑھنا ناپسندیدہ ہے اور اگر ان میں بدبو ہو تو مسجد کا داخلہ ناجائز ہوگا اور اس میں نماز پڑھنا بھی ممنوع۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

2ذوالحجہ 2/1443 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

16

## بیٹھ کر رکوع کرنے کا صحیح طریقہ

**سوال:** بیٹھ کر نماز پڑھنے میں رکوع کی حد کیا ہے؟

User ID: شیخ شابان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فتاوی رضویہ میں ہے: رکوع میں قدر واجب تو اسی قدر ہے کہ سر جھکائے اور پیٹھ کو قدرے خم دے مگر بیٹھ کر نماز پڑھے تو اسکا درجہ کمال و طریقہ اعتدال یہ ہے کہ پیشانی جھک کر گھٹنوں کے مقابل آجائے اس قدر کے لئے سرین اٹھانے کی حاجت نہیں تو قدر اعتدال سے جس قدر زائد ہو گا وُہ عبث و بیجا میں داخل ہو جائے گا۔ (فتاوی رضویہ، جلد 6، صفحہ 157)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

14 ذو الحجہ 1443/14 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

17

## ایک رکعت میں تین سجدے

**سوال:** اگر کسی رکعت میں غلطی سے تین سجدے ہو گئے تو کیا حکم ہے؟

User ID: بنت حوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ایک رکعت میں دو ہی سجدے کرنا واجب ہے، اگر بھول کر تین کیے تو یہ ترک واجب ہے اور واجب بھول کر ترک ہو تو سجدہ سہو کرنے سے نماز ہو جاتی ہے لہذا جس نے بھول کر تین سجدے کئے اس پر سجدہ سہو لازم تھا، سجدہ سہو کیا تو نماز درست ہو گئی ورنہ اس نماز کا اعادہ کرنا واجب ہے۔ بہار شریعت میں درمختار کے حوالے سے ہے: ایک رکعت میں تین سجدے کیے۔۔۔ تو سجدہ سہو کرے۔

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 520)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

17 ذوالحجہ 1443/17 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

18

## لنگی میں نماز

**سوال:** کیا لنگی میں نماز ہو جاتی ہے؟

User ID: محمد عثمان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

لنگی میں اگر ستر عورت ہو جائے اور بے پردگی نہ ہوتی ہو تو اس میں نماز درست ہے لیکن اس میں بے احتیاطی کی جاتی ہے جس سے ستر عورت نہیں ہو پاتا یا دوران نماز ظاہر ہو جاتا ہے یا لنگی اتنی باریک ہوتی ہے کہ ستر چمکتا ہے لہذا یہ صورتیں ہوں تو نماز نہیں ہو گی۔



واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

25ذو الحجہ 1443/25جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

19

## سنتوں میں قیام

**سوال:** کیا سنتوں میں قیام فرض نہیں؟

User ID: یاسر سلیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سنت فجر کے علاوہ اور سنتوں میں قیام فرض نہیں مگر بلا عذر شرعی بیٹھ کر پڑھنا خلاف افضل ہے۔حاشیہ طحطاوی میں ہے:یجوز النفل انما عبر بہ لیشمل السنن المؤکدہ وغیرھا فتصح اذا صلاھا قاعدا مع القدرۃ علی القیام۔۔۔و اجمعوا علی ان رکعتی الفجر من غیر عذر قاعدا لا تجوز ترجمہ: قیام پر قادر ہونے کے باوجود بیٹھ کر نوافل ادا کرنا جائز ہے،نوافل سے اس لئے تعبیر کیا تاکہ نوافل و سنتیں سب شامل ہو جائیں اور اس پر اجماع ہے کہ فجر کی سنتیں بلا عذر بیٹھ کر پڑھیں تو نماز نہ ہوئی۔ (طحطاوی،1/402)

بہار شریعت میں ہے:(نفل) کھڑے ہو کر پڑھنا افضل ہے۔ (حصہ 4، صفحہ 670)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

24ذو الحجہ 24/1443جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

## 20 سنتوں کی آخری دو رکعتوں میں سورت ملانا

**سوال:** جماعت میں شامل ہونے کے لئے جلدی میں سنتوں کی آخری دو رکعتوں میں سورت نہیں ملائی تو کیا حکم ہے؟

User ID: امتیاز احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فرضوں کی تیسری اور چوتھی رکعت کے علاوہ ہر نماز کی ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ پڑھنا اور ساتھ سورت ملانا یا ایک بڑی آیت جو تین چھوٹی آیات کے برابر ہو یا تین آیتیں پڑھنا واجب ہے، چونکہ سنتوں کی تمام ہی رکعتوں میں سورت ملانا یا مذکورہ بالا مقدار میں قراءت کرنا واجب ہے اور صورت مسئولہ میں یہ واجب جان کر چھوڑا گیا ہے لہذا نماز واجب الاعادہ ہو گی۔ (ماخوذ از: کتب فقہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

24ذو الحجہ 1443/24جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# جمعہ

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

## 21 جائے نماز میں جمعہ

**سوال:** کیا جائے نماز میں جمعہ پڑھنا جائز ہے؟

User ID: رضوان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایة الحق والصواب

اگر جمعہ قائم کرنے کی تمام شرائط پائی جاتی ہیں تو جائے نماز میں بھی جمعہ کی نماز ادا کی جا سکتی ہے کیونکہ نماز جمعہ قائم کرنے کے لئے مسجد ہونا شرط نہیں بلکہ اس کی شرائط یہ ہیں۔ شہر یا فنائے شہر ہو، جمعہ پڑھانے والا جمعہ پڑھانے کا اہل ہو، وقت ظہر ہو، خطبہ ہو، امام کے علاوہ کم از کم تین مرد ہوں، اذن عام ہو۔ (ماخوذ از: کتب فقہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

24 ذو الحجہ 1443/24 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

مسافر کی
نماز

**22**

## نماز کا وقت ختم ہونے سے پہلے اپنے شہر میں

**سوال:** اگر سفر میں نماز کا وقت ہو جائے لیکن وقت ختم ہونے سے پہلے اپنے شہر آجائے تو نماز کا کیا حکم ہے؟

User ID: عبداللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر حالت سفر میں نماز کا وقت شروع ہو جائے اور کسی نے نماز نہ پڑھی ہو اور وقت ختم ہونے سے پہلے وہ اپنے شہر کی آبادی میں داخل ہو جائے تو اب پوری نماز پڑھے گا کیونکہ قصر یا پوری پڑھنے میں آخری وقت کا اعتبار ہوتا ہے یعنی نماز نہ پڑھی ہو اور نماز کے آخری وقت میں کوئی مسافر ہو گیا تو اب قصر پڑھے گا اور آخری وقت میں کوئی مقیم ہو گیا تو پوری پڑھے گا۔ بہار شریعت میں ہے: قصر اور پوری پڑھنے میں آخر وقت کا اعتبار ہے جبکہ پڑھ نہ چکا ہو، فرض کرو کسی نے نماز نہ پڑھی تھی اور وقت اتنا باقی رہ گیا ہے کہ اللہ اکبر کہہ لے اب مسافر ہو گیا تو قصر کرے اور مسافر تھا اسوقت اقامت کی نیت کی تو چار پڑھے۔

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 750)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

24ذو القعدہ 241443 جون 2022ء

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

## 23 حالت سفر میں قضا ہونے والی نماز

**سوال:** اگر سفر میں نماز قضا ہو جائے تو اپنے شہر میں قصر ہی قضا کریں گے یا پوری؟

User ID: عبداللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جو نماز جس حالت میں قضا ہوئی وہ بعد میں بھی اسی طرح پڑھی جائے گی یعنی حالت سفر میں قضا ہونے والی قصر نماز مقیم ہونے کے بعد بھی دو پڑھی جائے گی اور حالت اقامت میں قضا ہونے والی نماز سفر میں بھی پوری پڑھنی ہو گی۔ نماز کے احکام میں ہے: حالت اقامت میں ہونے والی قضا نمازیں سفر میں بھی پوری پڑھنی ہوں گی اور سفر میں قضا ہونے والی قصر نمازیں مقیم ہونے کے بعد بھی قصر ہی پڑھی جائیں گی۔ (نماز کے احکام، مسافر کی نماز، صفحہ 318)



واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

24 ذو القعدہ 1443 24 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# جماعت

24

## امام کے ساتھ چوتھی رکعت میں شامل ہوا

**سوال:** جو شخص امام کے ساتھ چوتھی رکعت میں شامل ہو وہ اپنی باقی نماز کیسے پڑھے گا؟

User ID: محمد طیب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جو شخص جماعت میں چوتھی رکعت میں شامل ہوا تو امام کے سلام پھیرنے کے بعد جب کھڑا ہوگا تو تعداد کے اعتبار سے وہ اس کی دوسری رکعت ہوگی اور قراءت کے اعتبار سے پہلی یعنی پہلی رکعت میں جو کچھ پڑھا جاتا ہے وہ سب پڑھے گا جیسے ثنا، تعوذ، تسمیہ، سورہ فاتحہ اور سورت، پھر رکوع وسجود کے بعد قعدہ میں تشہد پڑھے گا، پھر تعداد کے اعتبار سے تیسری کے لئے کھڑا ہوگا جو کہ قراءت کے اعتبار سے دوسری ہوگی، تو اس میں بھی قراءت کرے گا یعنی سورہ فاتحہ اور سورت پڑھے گا اور رکوع وسجود کرکے بغیر قعدہ کئے تعداد کے اعتبار سے چوتھی کے لئے کھڑا ہوگا، اس میں سورہ فاتحہ پڑھے کہ مستحب ہے یا تین بار سبحان اللہ پڑھ لے اور رکوع وسجود و تشہد پڑھ کر سلام پھیر دے۔ (کتب فقہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

17 ذوالقعدہ 1443 16 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

25

## جمعہ میں سری قراءت

**سوال:** اگر امام نے جمعہ کی نماز میں آہستہ قراءت کی اور اسے رکوع میں یاد آیا اور اس نے واپس لوٹ کر بلند آواز سے قراءت کی اور سجدہ سہو نہیں کیا تو نماز کا کیا حکم ہے؟

User ID: غلام مصطفی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

امام اگر جہری نماز میں ایک آیت جس سے نماز کا فرض ادا ہوتا ہے آہستہ پڑھ چکا تو سجدہ سہو واجب ہو گیا، اگر آدھی سے زیادہ سورۃ الفاتحہ پڑھنے سے پہلے وہ بلند آواز سے اعادہ کرلے تو سجدہ سہو ساقط ہو جاتا ہے، آدھی سے زیادہ پڑھ چکا تو اب اعادہ کی بھی اجازت نہیں اگر اب اعادہ کیا تو نماز واجب الاعادہ ہو گی۔ معلوم کی گئی صورت میں امام رکوع میں جانے کے بعد بھول کر واپس قیام کی طرف آیا تو سجدہ سہو کافی ہوتا لیکن اس صورت میں سجدہ سہو نہ کرنے کے سبب یا جان کر یا مسئلہ معلوم نہ ہونے کی وجہ سے واپس لوٹا تو اس کا واپس لوٹنا جائز نہ تھا، یہ نماز مکروہ تحریمی اور واجب الاعادہ ہوئی لیکن چونکہ جمعہ کے لئے جماعت شرط ہے لہذا اب امام و مقتدیوں پر ظہر کی چار رکعت اعادہ کی نیت سے پڑھنا ضروری ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

4 ذو الحجہ 1443/4 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

## 26 اشارے سے نماز پڑھنے والا امام

**سوال:** اگر کوئی رکوع وسجود پر قادر نہ ہو اور وہ اشارے سے نماز پڑھتا ہو اور امامت کا اہل ہو تو کیا امامت کر سکتا ہے؟

User ID: ثاقب رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اشارے سے نماز پڑھنے والا صرف اپنے جیسوں یعنی اشارے سے پڑھنے والوں ہی کی امامت کر سکتا ہے چاہے امام بیٹھ کر اشارہ کرے یا کھڑے ہو کر لیکن اگر امام لیٹ کر اشارہ کرتا ہو اور مقتدی کھڑے یا بیٹھے ہوئے اشارہ کرتے ہوں تو اقتدا درست نہیں ہو گی۔ درمختار میں ہے: وموم بمثلہ الا ان یومی الامام مضطجعا و المؤتم قاعدا او قائما ھو المختار ترجمہ: اشارے سے پڑھنے والا اپنے جیسوں کی امامت کر سکتا ہے مگر یہ کہ امام لیٹ کر اشارہ کرے اور مقتدی بیٹھے یا کھڑے (تو اقتدا درست نہیں) یہی مختار قول ہے۔ (درمختار مع شامی، جلد 2، صفحہ 408، دارالمعرفہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

14 ذو الحجہ 1443/14 جولائی 2022ء

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

27

## اپنی نماز پڑھنے کے بعد جماعت کھڑی ہوگئی

**سوال:** ایک شخص نماز کے لئے آیا اور سمجھا کے جماعت ہو گئی اس نے نماز پڑھ لی بعد میں جماعت کھڑی ہوئی تو کیا وہ نماز میں شامل ہو سکتا ہے؟

User ID: احمد فریدی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

ظہر یا عشاء کی نماز ہو تو نفل کی نیت سے جماعت میں شامل ہو جائے، فجر و عصر و مغرب میں شامل نہ ہو کیونکہ فجر میں دو سنت کے علاوہ کوئی نفل جائز نہیں اور عصر میں اس لئے کہ عصر کے فرض کے بعد نفل ناجائز ہے اور مغرب میں اس لئے کہ تین رکعت نفل نہیں ہوتی۔ (کتب فقہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

18 ذو الحجہ 1443/18 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

28

## امام پر غسل فرض ہو

**سوال:** امام پر رات میں غسل فرض ہوا اور صبح اٹھا تو اتنا ٹائم نہیں تھا کہ غسل کر کے نماز پڑھائے تو کیا حکم ہے؟

User ID: سید آحل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کسی پر غسل فرض ہو اور نماز کا وقت اتنا تنگ ہو کہ غسل کرے گا تو وقت نکل جائے گا تو اس کے لئے حکم ہے کہ وہ تیمم کر کے نماز پڑھے اور غیر مکروہ وقت میں اس نماز کا اعادہ کرے لہذا امام پر لازم ہے کہ وہ تیمم کرے اپنی نماز ادا کرے اس صورت میں امامت نہیں کرواسکتا۔

(ماخوذا: درمختار، فتاوی رضویہ، بہار شریعت)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

19 ذو الحجہ 1443/19 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

29

## نابینا کی امامت

**سوال:** کیانابینا امامت کرواسکتا ہے؟

User ID:طاہر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر نابینا امامت کا اہل ہو اور وہاں اس سے زیادہ یا برابر نماز و طہارت کے مسائل جاننے والا اور صحیح قراءت کرنے والا کوئی موجود نہ ہو تو نابینا کی امامت بغیر کسی کراہت کے جائز ہے اور اگر وہاں کوئی اور ایسا ہو جو امامت کا اہل بھی ہو اور وہ نابینا سے زیادہ یا اس کے برابر طہارت و نماز کے مسائل جانتا ہو تو ایسے فرد کی موجودگی میں نابینا کی امامت مکروہ تنزیہی ہے یعنی جائز ہے مگر بہتر ہے کہ وہ دوسرا شخص امامت کروائے اور اگر نابینا امامت کا اہل ہی نہیں یعنی امامت کی کوئی شرط اس میں نہیں پائی جاتی تو اس کی امامت جائز نہیں۔ (ماخوذا: فتاوی رضویہ، جلد 6، صفحہ 416)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

23ذوالحجہ 1443/23جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# لقمہ

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

30

## امام پانچویں کے لئے کھڑا ہو جائے تو لقمہ

**سوال:** چار رکعت والی نماز میں امام نے قعدہ اخیرہ نہیں کیا اور پانچویں کے لئے کھڑا ہو گیا تو لقمہ دے سکتے ہیں؟

User ID: عابد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

امام اگر قعدہ اخیرہ بھول کر کھڑا ہو جائے تو اس کو لقمہ دینا جائز ہے۔ مراقی الفلاح میں ہے: وان قام الامام قبل القعود الاخیر ساھیا انتظرہ وسبح لیتنبہ امامہ ترجمہ: اور اگر امام قعدہ اخیرہ بھول کر کھڑا ہو گیا تو مقتدی انتظار کرے اور امام کو تنبیہ کرنے کے لئے لقمہ دے۔

(المراقی مع الطحطاوی، صفحہ 310)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

17 ذو القعدہ 1443 16 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

31

## ایک سورت چھوڑ کر پڑھنے پر لقمہ دینا

**سوال:** امام نے وتر کی دوسری رکعت میں سورۃ قریش پڑھی اور تیسری میں سورۃ الکوثر پڑھی کسی نے لقمہ دیا تو امام نے سورۃ الکافرون پڑھنا شروع کر دی تو کیا حکم ہے؟

User ID: رنگ رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سورۃ قریش کے بعد سورۃ الکوثر پڑھنے میں کوئی حرج نہیں بلکہ یہاں درمیان میں سورۃ الماعون ہے، تیسری رکعت میں اس کو پڑھنے سے تیسری رکعت کی قراءت دوسری سے طویل ہو جاتی تو یہاں ویسے بھی اولی یہی تھا کہ سورۃ الکوثر پڑھی جاتی اور یہاں لقمہ دینے کا کوئی محل نہیں تھا لہذا جس نے لقمہ دیا اس کی نماز ٹوٹ گئی اور امام نے لقمہ لیا تو اس کی اور تمام مقتدیوں کی نماز ٹوٹ گئی۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

24 ذو الحجہ 1443/24 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# نمازِ جنازہ

32

## خودکشی کرنے والے اور چور کی نماز جنازہ

**سوال:** خودکشی کرنے والے اور چور کی نماز جنازہ پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

User ID: مزمل اعوان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

خودکشی اگرچہ حرام ہے لیکن جس طرح دوسرے مسلمانوں کی نماز جنازہ پڑھنا فرض کفایہ ہے اسی طرح خودکشی کرنے والے کی نماز جنازہ بھی فرض کفایہ ہے، اسی طرح چور اگر دوران چوری نہ مارا گیا تو اس کی نماز جنازہ بھی پڑھی جائے گی۔

فتاوی افریقہ میں ہے: فتوی اسی پر ہے کہ اس (خودکشی کرنے والے) کے جنازے کی نماز پڑھی جائے گی۔ (صفحہ 40)

بہار شریعت میں ہے: ڈاکو کہ ڈاکہ میں مارا گیا نہ اُن کو غسل دیا جائے نہ اُن کی نماز پڑھی جائے، مگر جبکہ بادشاہِ اسلام نے اُن پر قابو پایا اور قتل کیا تو نماز و غسل ہے یا وہ نہ پکڑے گئے نہ مارے گئے بلکہ ویسے ہی مرے تو بھی غسل و نماز ہے۔ (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 4، صفحہ 827)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

14 ذو القعدہ 141443 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# آیت سجدہ

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

33

## طالب علم کا آیت سجدہ پڑھنا

**سوال:** مدارس میں بچے آیت سجدہ کو بار بار پڑھتے ہیں اور استاد سنتے ہیں تو کتنے سجدے واجب ہونگے؟

User ID: عامر رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ایک ہی مجلس میں سجدہ کی ایک ہی آیت کو بار بار پڑھنے یا سننے سے ایک ہی سجدہ واجب ہوتا ہے اگرچہ مختلف لوگوں سے سنا جائے، لہذا طلبا اگر ایک ہی آیت کو بار بار پڑھیں اور استاد اور دیگر طلبا سنیں تو پڑھنے اور سننے والوں پر ایک ہی سجدہ واجب ہوگا۔ بہار شریعت میں ہے: ایک مجلس میں سجدہ کی ایک آیت کو بار بار پڑھا یا سنا تو ایک ہی سجدہ واجب ہوگا، اگرچہ چند شخصوں سے سنا ہو۔ یوہیں اگر آیت پڑھی اور وہی آیت دوسرے سے سنی جب بھی ایک ہی سجدہ واجب ہوگا۔ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 735)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

29 ذو القعدہ 1443، 29 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# وقف

34

## مسجد کی کھجوریں پک جائیں تو کیا کریں

**سوال:** مسجد کی کھجوریں اگر پک جائیں تو کیا حکم ہے؟

User ID: حافظ آصف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جس درخت کی وہ کھجوریں ہیں اگر وہ درخت مسجد کی آمدنی کے لئے لگایا گیا ہے یا لگانے والے کی نیت معلوم نہیں تو اس کو بیچ کر اس کی رقم مسجد کے کاموں میں خرچ کی جائے گی۔ در مختار میں ہے: والافتباع لمصالح المسجد ترجمہ: اگر وہ درخت مسجد کے لئے لگائے گئے ہیں تو اس کو مسجد کے کاموں کے لئے بیچا جائے گا۔ اس کے تحت شامی میں ہے: وان لم یغرسھا للسبیل بان غرسھا اولم یعلم غرضہ ترجمہ: اگر وہ عام لوگوں کے لئے نہیں لگایا گیا یعنی مسجد کے لئے لگایا ہے یا لگانے والے کی غرض معلوم نہیں (تو یہی حکم ہے کہ بیچ کر مسجد کے کاموں میں لگائے)۔ (4/432)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

5 ذو الحجہ 5/1443 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# زکوٰۃ

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

35

## نصاب میں کمی واقع ہو گئی

**سوال:** ایک شخص محرم میں صاحب نصاب ہوا اور رمضان میں مال ختم ہو گیا اور پھر صفر میں صاحب نصاب ہوا تو سال کب سے شمار ہو گا؟

User ID: محمد اسد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اگر سال کے دوران کبھی بھی مال بالکل ختم ہو گیا تو اب جب صاحب نصاب ہو گا اسی وقت سے نصاب کا سال شروع ہو گا اور اگر دوران سال نصاب میں کمی واقع ہوئی مگر سال کے اختتام پر صاحب نصاب تھا تو پہلے کے مطابق ہی سال کے اختتام پر زکوۃ ادا کرے گا جب کہ شرائط پائی جائیں۔ معلوم کی گئی صورت میں رمضان میں مال بالکل ختم ہو گیا اور صفر میں صاحب نصاب ہوا تو اب صفر سے ہی سال شروع ہو گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

15 ذو الحجہ 1443/15 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# حج وعمرہ

36

## حج بدل کے لئے حاجی ہونا ضروری ہے؟

**سوال:** حج بدل کرنے کے لئے اپنا حج کیا ہونا ضروری ہے؟

User ID: عبداللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

کسی کی طرف سے حج بدل کرنے کے لئے پہلے سے حج کیا ہوا ہونا ضروری نہیں البتہ بہتر یہ ہے کہ حج بدل کے لئے ایسا شخص بھیجا جائے جو خود فرض حج کر چکا ہو اور افضل یہ ہے کہ ایسا شخص ہو جو حج کے طریقے اور اس کے افعال سے واقف ہو، لیکن ایسا نہ بھی ہو تو بھی حج بدل ہو جائے گا البتہ کسی پر حج فرض ہو اور وہ فرض کی ادائیگی نہ کرے اور حج بدل کے لئے چلا جائے تو یہ مکروہ تحریمی ہے لیکن حج بدل بہر حال ہو جائے گا۔ (ملخصا: بہار شریعت، حصہ 6، صفحہ 1204)

ارشاد الساری میں ہے: ولا یشترط لجواز الاحجاج ان یکون الحاج المامور قد حج عن نفسه فیجوز حج الصرورة الا ان الافضل ان یکون قد حج عن نفسه ترجمہ: جس سے حج بدل کروانا ہے اس کا حج کیا ہوا ہونا شرط نہیں لہذا ایسے شخص سے حج بدل کروانا جائز ہے مگر افضل یہ ہے کہ ایسے سے حج بدل کروائے جس نے حج کیا ہوا ہو۔ (ارشاد الساری، 637)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

9 ذو القعدہ 1443ھ 9 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

37

## طواف کے دوران وضو ٹوٹ جائے تو

**سوال:** طواف کرتے ہوئے اگر وضو ٹوٹ جائے تو کیا حکم ہے؟

User ID: احمد فیضی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

طواف کرنے والے کے لئے ضروری ہے کہ وہ نجاست حکمیہ سے پاک ہو یعنی اس پر غسل فرض نہ ہو اور وہ باوضو ہو لہذا دوران طواف اگر کسی کا وضو ٹوٹ جائے تو اس پر لازم ہے کہ وہ دوبارہ وضو کرے، اگر چار چکر باوضو کر چکا تھا تو باقی چکر اب لگالے اور اگر چار چکر نہیں ہوئے تھے تو بہتر یہ ہے کہ نئے سرے سے طواف کرے لیکن اگر اس صورت میں بھی کسی نے وہیں سے باقی چکر پورے کئے تو بھی حرج نہیں طواف ہو جائے گا۔ (ماخوذ: شامی، 3/582)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

21 ذو القعدہ 1443ھ 21 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

38

## حج کے لئے جانے والا قصر پڑھے یا پوری

**سوال:** جو شخص حج کے لئے مکہ گیا ہے وہ نماز پوری پڑھے گا یا قصر کرے گا؟

User ID: مرزا اسحاق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

حج کے لئے مکہ میں آنے والا شخص اگر مقیم ہو یعنی کم از کم پندرہ دن مکہ میں مستقل رہنے کی نیت ہو اور اس دوران نہ شہر سے باہر نکلنے کا پہلے سے ارادہ ہو نہ ہی ان ایام میں منی جانے کی تاریخیں ہوں تو ایسا شخص مکہ میں بھی اور منی، عرفات مزدلفہ پھر واپس مکہ میں آکر بھی پوری نماز پڑھے گا اور اگر حاجی مسافر ہو یعنی کم از کم پندرہ دن مستقل رہنے کی نیت نہ ہو بلکہ اس دوران یا تو مدینے شریف جانے کا پہلے سے جدول ہو جیسا کہ بعض حاجیوں کو بھیج دیا جاتا ہے یا پھر ان پندرہ دنوں میں منی جانا طے ہو تو ایسا شخص مکہ، منی، عرفات، مزدلفہ اور پھر واپس مکہ میں آکر بھی قصر نماز پڑھے گا البتہ واپس مکہ آنے کے بعد کم از کم پندرہ دن رہنے کی نیت ہو تو اب مقیم ہو جائے گا اور اب پوری نمازیں پڑھے گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

20 ذو القعدہ 1443ھ 20 جون 2022ء

39

## طواف کے چکر میں شک واقع ہونا

**سوال:** طواف کے چکر میں اگر شک واقع ہو جائے تو کیا کریں؟ User ID: احمد فیضی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کسی کو فرض طواف مثلا طواف زیارہ یا طواف عمرہ یا واجب طواف مثلا طواف وداع میں شک واقع ہوا تو دوبارہ سات چکر شروع سے کرے لیکن اگر کوئی ایک عادل شخص بتادے کہ اتنے چکر آپ نے کئے ہیں تو اس کے کہنے پر عمل کر لینا بہتر ہے اور اگر دو عادل شخص تعداد بتائیں تو ان کے قول پر لازمی عمل کرے،اور اگر طواف نفلی ہو تو غالب گمان پر عمل کرے۔بہار شریعت میں ہے: طواف کے پھیروں میں شک واقع ہوا کہ کتنے ہوئے تو اگر طواف فرض یا واجب ہے تو اب سے سات پھیرے کرے اور اگر کسی ایک عادل شخص نے بتادیا کہ اتنے پھیرے ہوئے تو اُس کے قول پر عمل کر لینا بہتر ہے اور دو عادل نے بتایا تو ان کے کہے پر ضرور عمل کرے اور اگر طواف فرض یا واجب نہیں ہے تو غالب گمان پر عمل کرے۔

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 1100)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

21 ذو القعدہ 1443ھ 21 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

**40**

## حالت احرام میں عینک لگانا

**سوال:** حالت احرام میں نظر اور دھوپ کا عینک لگانا کیسا؟

User ID: آصف ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حالت احرام میں نظر اور دھوپ کا عینک (sun glasses) لگانا جائز ہے



واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

26 ذو القعدہ 1443ھ 26 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

41

## چوری چھپے حج کرنا

**سوال:** اگر کوئی عرب میں کام کرتا ہو اور وہاں حج کی فیس ادا کیے بغیر چوری سے حج کرے تو ایسا کرنا کیسا؟

User ID: اکرام

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عرب میں کام کرنے والے بیرونی ممالک سے آئے ہوئے افراد کے لئے مختلف قوانین ہیں اور ان کی خلاف ورزی پر پکڑ دھکڑ بھی ہوتی ہے لہذا وہاں قانون کی خلاف ورزی کرنا یا بغیر فیس کے حج کرنا شرعا جائز نہیں کہ اپنے آپ کو ذلت پر پیش کرنا ہے اور اپنے آپ کو ذلت پر پیش کرنا جائز نہیں البتہ کسی نے اس طرح حج کیا تو حج ہو جائے گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

28 ذو القعدہ 1443 28 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

42

## مسجد عائشہ سے عمرہ

**سوال:** کیا مسجد عائشہ سے عمرہ کرنا جائز ہے؟

User ID: حسان شیخ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

مکی کو عمرہ کا احرام باندھنے کے لئے حدود حرم سے باہر آنا ضروری ہے اور مسجد عائشہ حدود حرم سے باہر ہے لہذا مکی کو مسجد عائشہ سے عمرہ کا احرام باندھنا نہ صرف جائز بلکہ احناف کے نزدیک افضل ہے کیونکہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بی بی عائشہ رضی اللہ عنہا کو تنعیم (مسجد عائشہ) سے عمرہ کا احرام باندھنے کا حکم دیا تھا۔ ھدایہ میں ہے: الا ان التنعیم افضل لورود الاثر به ترجمہ: مگر روایات کے وارد ہونے کی وجہ سے تنعیم سے عمرہ کا احرام باندھنا افضل ہے۔ تبیین میں ہے: والتنعیم افضل لامره علیه الصلاة والسلام باحرام منه ترجمہ: تنعیم افضل ہے کیونکہ نبی پاک ﷺ نے وہاں سے احرام باندھنے کا حکم دیا۔

(ھدایہ، 254، تبیین الحقائق، 4/248)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

26 ذو القعدہ 1443 26 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الصلوۃ والسلام علیك یا رسول اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وعلی آلك واصحبك یا حبیب اللہ

Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy

Website: www.arqfacademy.com

Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy

Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ

فون نمبر: 00923471992267

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

43

## گیارہویں کی رمی وقت سے پہلے

**سوال:** اگر کسی نے گیارہویں کی رمی گیارہ کو فجر کے بعد ہی کر لی تو کیا حکم ہے؟

User ID: عبداللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

گیارہ اور بارہ ذوالحجہ کی رمی کا وقت ظہر کا وقت شروع ہونے سے لے کر اگلے دن صبح صادق تک ہے البتہ بلا عذر غروب آفتاب کے بعد مکروہ ہے۔ معلوم کی گئی صورت میں گیارہ کی رمی وقت شروع ہونے سے پہلے کی گئی تو وہ رمی نہ ہوئی لہذا لازم تھا کہ گیارہ کی رمی کے وقت میں اس رمی کو دوبارہ کیا جاتا، وقت کے اندر کرنے کی صورت میں کوئی کفارہ لازم نہ تھا، اگر وقت میں رمی نہ کی اور بالکل ترک کر دی تو حکم یہ ہے کہ کہ تیرہ کی غروب سے پہلے اس رمی کی قضا بھی کرے اور دم بھی دے اور اگر ایام رمی گزر گئے اور رمی کی قضا نہ کی تو اب صرف دم واجب رہے گا اور توبہ بہر صورت کرنی ہوگی۔ مفتی علی اصغر صاحب نقل کرتے ہیں: اگر کسی دن کی رمی بالکل ہی نہ کی تو جب تک ایام رمی باقی ہیں رمی کی قضا کرے گا تیرہ تاریخ کو غروب سے پہلے تک رمی کے آخری دن کا وقت ہے۔ قضا کے ساتھ ساتھ دم بھی واجب ہوگا۔ یاد رہے کہ یہ قضا کفارے سمیت واجب ہے یعنی 13 تاریخ کا سورج غروب ہونے تک کفارہ اور قضا دونوں واجب ہیں البتہ اس کے بعد صرف کفارہ واجب رہے گا قضا ساقط ہو جائے گی۔

(27 واجبات حج اور تفصیلی احکام، صفحہ 107)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

13 ذوالحجہ 1443/13 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

44

## حرم سے باہر جانے کے بعد واپسی پر احرام

**سوال:** اگر کوئی زیارات کے لئے حرم سے باہر جائے تو کیا واپسی پر احرام ضروری ہے؟

User ID: آصف ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کوئی شخص حرم سے باہر حل میں جائے اور میقات سے باہر نہ ہو تو واپس حرم میں آنے کے لئے احرام ضروری نہیں لیکن اگر کوئی میقات سے باہر ہو جائے تو واپس حرم آنے کے لئے اسے حالت احرام میں ہونا ضروری ہے۔ بہار شریعت میں ہے: مکہ والے اگر کسی کام سے بیرونِ حرم جائیں تو انھیں واپسی کے لیے احرام کی حاجت نہیں اور میقات سے باہر جائیں تو اب بغیر احرام واپس آنا انھیں جائز نہیں۔ (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 6، صفحہ 1068)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

18 ذوالحجہ 1443/18 جولائی 2022ء

# نکاح وطلاق

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

**45**

## آن لائن نکاح

**سوال:** آن لائن، فون، واٹس ایپ اسکائپ وغیرہ پر نکاح کیوں نہیں ہو سکتا؟ وجہ بتائیں۔

User ID: محمد اکمل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نکاح کرنے والوں یا ان کے وکیلوں اور گواہوں کا ایک ہی مجلس میں ہونا ضروری ہے اور فون وغیرہ پر نکاح کرنے کی صورت میں عاقدین یعنی ایجاب و قبول کرنے والے ایک مجلس میں نہیں ہوتے، اس شرط کے نہ پائے جانے کی وجہ سے نکاح نہیں ہوتا۔



واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

15 ذوالحجہ 1443/15 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

46

## سیدزادی کا غیر سید سے نکاح

**سوال:** کیا سیدزادی کا غیر سید سے نکاح ہو سکتا ہے؟

User ID: امین شاہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سید زادی اور اس کا ولی یعنی والد اگر وہ نہیں تو دادا (وہ بھی نہ ہو تو ولی کی تفصیل کتب فقہ میں ہے) اگر غیر سید سے نکاح کرنے پر راضی ہیں اور یہ رضامندی نکاح سے پہلے ہے تو سیدزادی کا نکاح غیر سید سے جائز ہے۔ فتاوی رضویہ میں غیر سید پٹھان اور سیدہ کے نکاح حوالے سے ہے: سائل مظہر کہ لڑکی جوان ہے اور اس کا باپ زندہ، دونوں کو معلوم ہے کہ یہ پٹھان ہے اور دونوں اس عقد پر راضی ہیں، باپ خود اس کے سامان میں ہے، جب صورت یہ ہے تو اس نکاح کے جواز میں اصلا شبہہ نہیں۔ (جلد 11، صفحہ 704)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

25ذو الحجہ 25/1443جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

47

## طلاق دینے کا طریقہ

**سوال:** طلاق دینے کا شرعی واخلاقی طریقہ بتادیں؟ User ID: ثاقب محمود

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شرعی اجازت کے بغیر طلاق دینا جائز نہیں، اگر کوئی شرعی وجہ ہو مثلا عورت فاسقہ ایذا دینے والی ہو تو اس صورت میں طلاق دینا جائز ہے۔ طلاق دینے کا سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ بیوی کو ایسے طہر (مخصوص ایام گزرنے کے بعد پاکی کا زمانہ) میں ایک طلاق رجعی دے جس میں اس کے ساتھ صحبت نہ کی ہو پھر اس کو چھوڑ دے یہاں تک کہ اس کی عدت گزر جائے۔ امام محمد لکھتے ہیں: اذا اراد الرجل ان یطلق امراتہ للسنۃ ترکھا حتی تحیض و تطھر من حیضھا ثم یطلقھا ﴿تطلیقۃ﴾ من غیر جماع ثم یترکھا حتی تنقضی عدتھا ترجمہ: جب شوہر اپنی بیوی کو سنت طلاق دینے کا ارادہ کرے تو اسے چھوڑ دے یہاں تک کہ وہ حیض سے پاک ہو جائے اور اس میں جماع کئے بغیر اسے ایک طلاق دے پھر چھوڑ دے یہاں تک کہ اس کی عدت ختم ہو جائے (کتاب الاثار، کتاب الطلاق، جلد 2، صفحہ 485)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

16 ذو القعدہ 1443ھ 16 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

48

## ماں باپ کے کہنے پر طلاق

**سوال:** کیا ماں باپ کے کہنے پر طلاق دے سکتے ہیں؟

User ID: شمیر رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

عورت اگر فاسقہ ہو کہ والدین و شوہر کو ایذا دیتی ہو اور والدین طلاق دینے کا کہیں تو مرد پر طلاق دینا واجب ہے اور فاسقہ نہ ہو مگر والدین کہیں تو طلاق دینا واجب نہیں مگر مستحب پھر بھی ہے، ایسی صورت میں بہتر ہے کہ فریقین کو سمجھا کر صلح کروا دی جائے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: بلکہ بعض صورتوں میں واجب ہوتی ہے، جیسے اس کو اس کے ماں باپ کو طلاق دینے کا حکم دیں اور نہ دینے میں ان کی ایذا و ناراضی ہو واجب ہے کہ طلاق دے دے اگرچہ عورت کا کچھ قصور نہ ہو۔

(فتاوی رضویہ، 12/332)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

17 ذو القعدہ 1443 16 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

**49**

## طلاق کے بعد اولاد کس کے پاس

**سوال:** طلاق کے بعد اولاد کس کے پاس رہے گی؟

User ID: محمد خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

طلاق کی وجہ سے مرد و عورت میں جدائی ہوجائے تو لڑکا سات سال تک اور لڑکی نو سال تک ماں کے پاس رہے گی جبکہ ماں کی اخلاقی حالت درست ہو لیکن اس دوران اگر ماں نے ایسے شخص سے نکاح کرلیا جو بچوں کا نسبی محرم نہیں تو ماں کا حق پرورش ساقط ہوجائے گا اور پھر حق پرورش نانی کو حاصل ہو گا، نانی نہ ہو یا پرورش کرنے کی اہل نہ ہو تو نانی کی ماں کو ملے گا، وہ نہ ہو تو دادی کو، دادی نہ ہو تو پردادی یہ نہ ہوں تو پھر سگی بہن پھر اخیافی بہن پھر سگی بہن کی بیٹی پھر اخیافی بہن کی بیٹی پھر بچے کی خالہ کو ملے گا۔ (اس کی مزید تفصیل کتب فقہ میں ہے)۔ لڑکا سات سال کے بعد بالغ ہونے تک اور لڑکی جب تک کنواری ہے باپ کے پاس رہے گی۔ (ماخوذ از در مختار مع ردالمحتار 274، 273، 272/5، عالمگیری 565/1، قاضی خان 367/1)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــــــــــــــــــــــــــــــــ

**ابوبنتین فراز عطاری مدنی**

16 ذو القعدہ 1443ھ 16 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

**فقہی گروپ کے مختصر جوابات**

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

50

## بیوی کے پہلے شوہر کی اولاد سے حرمت

**سوال:** بیوہ سے شادی ہوئی اب اس کی وہ بیٹیاں جو سابقہ شوہر سے ہیں ان سے نکاح کس صورت میں حرام ہو گا؟

User ID: عبداللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایة الحق والصواب

اگر بیوی سے صحبت کرلی یا اس سے خلوت صحیحہ ہو گئی تو اس کی لڑکیاں جو سابقہ شوہر سے ہیں وہ مرد پر حرام ہو جائیں گی اور اگر ایسا نہ ہوا تو حرمت کا رشتہ قائم نہیں ہو گا۔ قرآن پاک میں ہے: وَ رَبَآئِبُكُمُ الّٰتِیْ فِیْ حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَآئِكُمُ الّٰتِیْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ٘-فَاِنْ لَّمْ تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَیْكُمْ ترجمہ: اور تمہاری بیویوں کی وہ بیٹیاں جو تمہاری گود میں ہیں (جو اُن بیویوں سے ہوں) جن سے تم ہم بستری کر چکے ہو پھر اگر تم نے ان (بیویوں) سے ہم بستری نہ کی ہو تو ان کی بیٹیوں سے نکاح کرنے میں تم پر کوئی حرج نہیں ۔(النساء:23) اس کی تفسیر میں ہے: جن بیویوں سے صحبت کرلی ہو ان کی دوسرے شوہر سے جو بیٹی ہو اس سے نکاح حرام ہے اگرچہ وہ شوہر کی پرورش میں نہ ہو کیونکہ پرورش کی قید اتفاقی ہے مگر یہ سوتیلی لڑکی صرف شوہر کیلئے حرام ہے، شوہر کی اولاد کے لئے حلال اور شوہر کیلئے بھی جب حرام ہے جبکہ بیوی سے صحبت کرلی ہو اور اگر بغیر صحبت طلاق دی یا وہ فوت ہو گئی تو اس کی بیٹی حلال ہے۔ (صراط الجنان، جلد 2، صفحہ 172)

بہار شریعت میں ہے: اور خلوتِ صحیحہ بھی وطی ہی کے حکم میں ہے یعنی اگر خلوتِ صحیحہ عورت کے ساتھ ہو گئی، اس کی لڑکی حرام ہو گئی اگرچہ وطی نہ کی ہو۔(23/1)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

9 ذو القعدہ 1443ھ 9 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

51

## شوہر لاپتہ ہو جائے

**سوال:** عورت کا شوہر لاپتہ ہو جائے تو وہ کتنا انتظار کرے گی اور کیا دوسرا نکاح کر سکتی ہے؟

User ID: جاوید احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فی زمانہ فقہاء احناف نے امام مالک کے قول پر فتوی دیتے ہوئے یہ ارشاد فرمایا کہ اگر کسی عورت کا شوہر مفقود (لاپتہ) ہو جائے کہ اس کی موت وحیات کا کچھ پتا نہ چلتا ہو تو وہ قاضی (فی زمانہ شہر کے سب سے بڑے مفتی) کے پاس شوہر کی گمشدگی کا دعوی کرے گی، قاضی یا مفتی اس عورت کو چار سال انتظار کرنے کا کہے گا جس میں وہ اس دعوے کی تصدیق یا تکذیب کے لئے تحقیق و تفتیش کرے گا، موت وحیات کچھ معلوم نہ ہونے کی صورت میں عورت چار سال بعد قاضی یا مفتی سے رجوع کرے گی اور قاضی یا مفتی شوہر کی موت کا حکم جاری کرے گا پھر عورت عدت وفات گزار کر کسی اور سے نکاح کر سکے گی۔

(ماخوذ از: مجلس شرعی کے فیصلے، صفحہ 231)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ـــــــــــــــ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

29 ذو القعدہ 1443 29 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

52

## میسج پر طلاق

**سوال:** اگر کسی نے میسج پر اپنی بیوی کو یوں کہا کہ میں مسمی فلاں بن فلاں اپنی زوجہ فلانہ بنت فلاں کو طلاق دیتا ہوں تو کیا حکم ہے؟

User ID: قاری علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کسی نے میسج پر اپنی بیوی کو یوں طلاق دی کہ میں فلاں بن فلاں اپنی زوجہ فلانہ بنت فلاں کو طلاق دیتا ہوں تو یہ طلاق واقع ہو جائے گی۔

نوٹ: اس کے علاوہ کوئی صورت ہو تو دار الافتاء اہلسنت سے رابطہ فرمائیں۔



واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

5ذو الحجہ 5/1443 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# قسم

53

## پان نہ کھانے کی قسم

**سوال:** ایک شخص نے قسم کھائی کہ پان نہیں کھائے گا پھر اس نے کہا میری مراد تمبا کو والا پان تھا میٹھا نہیں اور اس نے میٹھا پان کھالیا تو کیا اس کی قسم ٹوٹ گئی؟

User ID: غلام رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اس شخص کی قسم ٹوٹ گئی کیونکہ قسم میں الفاظ کا اعتبار ہے اغراض کا نہیں، اس جملے سے یہی سمجھا جاتا ہے کہ کسی قسم کا پان نہیں کھائے گا لہذا میٹھا پان کھانے سے اس کی قسم ٹوٹ جائے گی۔ بہار شریعت میں ہے: قسم میں الفاظ کا لحاظ ہوگا اس کا لحاظ نہ ہوگا کہ اس قسم سے غرض کیا ہے۔

(بہار شریعت، جلد2، صفحہ 319)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

17 ذوالحجہ 1443/17 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

قربانی

54

## حاجی پر کتنی قربانیاں واجب ہیں

**سوال:** جو حج پر گیا ہے وہ کتنی قربانیاں کرے گا؟ کیا عید کی قربانی بھی اس پر واجب ہے؟

User ID: خان احسن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حج قران اور تمتع کرنے والے پر حج کے شکرانے میں قربانی کرنا واجب ہوتا ہے یہ قربانی بقر عید کی قربانی کے علاوہ ہے، بقر عید کی قربانی واجب ہونے نہ ہونے میں قاعدہ یہ ہے کہ اگر حاجی مقیم ہو یعنی حاجی کی نیت مکہ میں کم از کم 15 دن رہنے کی ہو اور اس دوران منی جانا طے نہ ہو تو منی میں اور منی سے واپس مکہ میں آکر بھی مقیم رہے گا لہذا صاحب نصاب ہونے کی صورت میں اس پر قربانی واجب ہو گی اور اگر حاجی مسافر ہے یعنی مکے میں اس کی نیت پورے پندرہ دن رہنے کی نہیں ہے بلکہ اس دوران منی جانا بھی طے ہے تو مکہ اور منی میں اور منی سے واپسی پر مکہ میں یہ مسافر ہی شمار ہو گا اور مسافر پر بقر عید کی قربانی واجب نہیں، البتہ حاجی اگر منی سے واپسی پر مکے میں کم از کم 15 دن رہنے کی نیت سے آئے گا یا 12 ذوالحجہ کے غروب آفتاب سے پہلے پہلے اپنے ملک میں آکر مقیم ہو گیا تو صاحب نصاب ہونے کی صورت میں اس پر بھی قربانی واجب ہو جائے گی۔ (ماخوذ از: لباب المناسک، 368، البحر الرائق، 606/2، در مختار، 729/2، عالمگیری، 360/5)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

13 ذو القعدہ 1443 13 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

55

## اپنی قربانی کے وقت سامنے موجود ہونا

**سوال:** کیا جانور ذبح ہوتے وقت اپنی قربانی کے پاس موجود ہونا ضروری ہے؟

User ID: احمد فیضی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قربانی کے وقت جانور کے پاس ہونا بہتر ہے مگر ضروری نہیں، اگر کوئی موجود نہ بھی ہو تو قربانی ہو جائے گی۔ عالمگیری میں ہے: وان کان لایحسنہ فالافضل ان یستعین بغیرہ ولکن ینبغی ان یشھدھا بنفسہ ترجمہ: اگر خود اچھی طرح ذبح کرنا نہیں جانتا تو افضل یہ ہے کہ کسی اور سے مدد لے لیکن اس صورت میں بہتر یہ ہے کہ وہاں پر خود موجود رہے۔ (عالمگیری، جلد 5، کتاب الاضحیہ، صفحہ 380)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

14 ذو القعدہ 1443 ھ 14 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

56

## بڑے جانور میں پانچ حصے

**سوال:** اگر بڑے جانور میں سات کی جگہ پانچ حصے رکھے جائیں تو قربانی ہو جائے گی؟

User ID: جنید طاہر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قربانی کے بڑے جانور میں زیادہ سے زیادہ سات حصے رکھے جاسکتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ سات سے زیادہ نہ ہوں کیونکہ اس صورت میں حصہ ساتویں حصے سے کم ہو جائے گا اور اگر حصہ ساتویں حصہ سے کم یعنی کم از کم ایک حصہ کامل نہ ہو تو قربانی نہیں ہوتی، ہاں اگر سات سے کم افراد ہوں تو اس میں حرج نہیں کیونکہ ہر فرد کا ایک کامل حصہ تو ضرور ہو گا لہذا اس سے قربانی پر اثر نہیں پڑے گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

4 ذوالحجہ 1443/ 4 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

57

## پچھلے سالوں کی قربانی نہ کی ہو تو

**سوال:** اگر کسی نے پچھلے سالوں میں قربانی نہ کی ہو تو اب کر سکتا ہے؟

User ID: حشیم رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قربانی واجب ہونے کے باوجود اگر کسی نے قربانی نہ کی تو گناہ گار ہوا لہذا توبہ کرے لیکن اب سابقہ سالوں کی قربانیوں کے بدلے میں جانور قربان نہیں کر سکتا بلکہ اب اس پر لازم ہے کہ ہر قربانی کے بدلے ایک متوسط بکری (جس میں قربانی کی شرائط پائی جائیں) یا اس کی قیمت صدقہ کرے۔ فتاوی فقیہ ملت میں ہے: جتنے سال کی قربانیاں قضا ہوئی ہیں ان کی ادا کی صورت یہ ہے کہ ہر سال کے عوض ایک اوسط درجہ کا بکرا یا اس کی قیمت صدقہ کرے۔ (2/248)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــــــــــــــــــــــــــــــــ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

17 ذو القعدہ 1443ھ 17 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

58

## بیوی کی طرف سے قربانی

**سوال:** کیا شوہر اپنے پیسوں سے بیوی کے لئے قربانی کا جانور خرید سکتا ہے جبکہ وہ خود بھی صاحب نصاب ہے؟

User ID: ابوذر الیاس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر بیوی کی طرف سے شوہر کو صراحۃ یا دلالۃ قربانی کرنے کی اجازت ہے تو شوہر اس کی طرف سے قربانی کر سکتا ہے، صراحۃ کا مطلب یہ ہے کہ بیوی نے شوہر کو کہا ہو کہ میری طرف سے قربانی کر دیں اور دلالۃ کا مطلب یہ ہے کہ ہر سال شوہر ہی کرتا ہے اور بیوی کو بھی معلوم ہے تو یہ بھی اجازت سمجھی جائے گی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: قربانی وصدقہ فطر عبادت ہے اور عبادت میں نیت شرط ہے تو بلا اجازت ناممکن ہے۔ ہاں اجازت کے لئے صراحۃ ہونا ضروری نہیں دلالت کافی ہے۔ مثلاً زید اس کے عیال میں ہے اس کا کھانا پہننا سب اس کے پاس سے ہوتا ہے۔ یا یہ اس کا وکیل مطلق ہے۔ اس کے کاروبار کیا کرتا ہے۔ ان صورتوں میں ادا ہو جائے گی۔ (فتاوی رضویہ، جلد 20، صفحہ 453)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

17 ذوالقعدہ 1443ھ 17 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

59

## مسافر پر قربانی

**سوال:** مسافر ایام قربانی گزرنے کے بعد اگر اپنے شہر میں آئے تو کیا اب قربانی یا کوئی صدقہ کرے گا؟

User ID: وقار احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مسافر پر مطلقا قربانی واجب نہیں نہ ایام قربانی میں نہ قربانی کے دن گزرنے کے بعد لہذا ایام قربانی کے بعد جب مسافر اپنے شہر آئے گا تو اس پر نہ جانور قربان کرنا واجب ہے نہ کوئی رقم صدقہ کرنا ہاں اگر ایام قربانی میں ہی مسافر مقیم ہو جائے تو اب شرائط پائی جانے کی صورت میں اس پر قربانی واجب ہو گی۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

27 ذوالقعدہ 1443 27 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

60

## جانور کے سینگ کاٹ دیے

**سوال:** اگر جانور کے سینگ کاٹ کر اوپر سے رگڑ دیے گئے ہوں تو اس کی قربانی کا کیا حکم ہے؟

User ID: سیف اللہ رضوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر جانور کے سینگ جڑ سے نہ کاٹے گئے ہوں تو اس کی قربانی ہو جائے گی اور اگر جڑ سے کاٹ دیے گئے ہوں مگر اس کا زخم بھر گیا ہو تو بھی اس کی قربانی ہو جائے گی اور اگر جڑ سے کاٹے مگر زخم نہ بھرا ہو تو اس کی قربانی نہیں ہو گی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: سینگ ٹوٹنا اس وقت قربانی سے مانع ہوتا ہے کہ جبکہ سر کے اندر جڑ تک ٹوٹے اگر اوپر کا حصہ ٹوٹ جائے تو مانع نہیں۔۔۔ اور اگر ایسا ہی ٹوٹا تھا کہ مانع ہوتا، مگر اب زخم بھر گیا، عیب جاتا رہا تو حرج نہیں۔ (فتاوری رضویہ، جلد 20، صفحہ 460)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

30 ذو القعدہ 1443ھ 30 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

61

## قربانی کا گوشت سارا خود رکھنا

**سوال:** قربانی کے گوشت کے تین حصے کرنا ضروری ہیں یا سارا خود رکھ سکتے ہیں؟

User ID: مدثر اعوان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قربانی کے گوشت کے تین حصے کرنا مستحب ہے یعنی کریں تو ثواب اور نہ کریں تو کچھ گناہ نہیں، قربانی کا گوشت سارا خود بھی رکھ سکتے ہیں اور سارا صدقہ بھی کرسکتے ہیں اور سب سے بہتر تین حصے کرنا ہے جس میں سے ایک حصہ رشتے داروں کے لئے، ایک غریبوں کے لئے اور ایک اپنے لئے رکھے۔ عالمگیری میں ہے: و یستحب ان یاکل من اضحیتہ ویطعم منھا غیرہ والافضل ان یتصدق بالثلث ویتخذ الثلث ضیافۃ لاقاربہ واصدقائہ ویدخر الثلث ۔۔۔ ولو تصدق بالکل جاز ولوحبس الکل لنفسہ جاز

ترجمہ: مستحب یہ ہے کہ اپنی قربانی سے خود بھی کھائے اور دوسروں کو بھی کھلائے اور افضل یہ ہے کہ ایک حصہ صدقہ کرے ایک حصہ مہمانوں اور دوستوں کی مہمانی کے لئے رکھے اور ایک حصہ اپنے لئے رکھ لے اور اگر سارا صدقہ کردیا تو بھی جائز ہے اور سارا رکھ لیا تو بھی جائز ہے۔ (5/300)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــــــــــــــــــــــــــــــــــ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

1 ذوالحجہ 1443 جولائی 2022ء

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

62

## جانور کو قبلہ رخ کرنا

**سوال:** ذبح کرتے وقت جانور کا قبلہ رخ ہونا ضروری ہے؟

User ID: افتخار اعظم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جانور کو ذبح کرتے وقت سنت یہ ہے کہ ذبح کرنے والا اور جانور دونوں ہی قبلہ رخ ہوں اور اس کا ترک مکروہ ہے لیکن اگر کسی نے جان کر یا بھولے سے کسی اور رخ پر جانور کو لٹا کر ذبح کیا تب بھی قربانی ہو جائے گی البتہ جان کر ایسا کرنا ناپسندیدہ ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: سنت یہ چلی آرہی کہ ذبح کرنے والا اور جانور دونوں قبلہ رو ہوں، ہمارے علاقہ (پاک وہند) میں قبلہ مغرب میں ہے اس لئے سر ذبیحہ جنوب کی طرف ہونا چاہئے تاکہ جانور بائیں پہلوں لیٹا ہو اور اس کی پیٹھ مشرق کی طرف ہو تاکہ اس کا منہ قبلہ کی طرف ہو جائے، اور ذبح کرنے والا اپنا دایاں پاؤں جانور کی گردن کے دائیں حصہ پر رکھے اور ذبح کرے اور خود اپنا یا جانور کا منہ قبلہ کی طرف کرنا ترک کیا تو مکروہ ہے۔ (20/216)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

30 ذو القعدہ 1443 30 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

63

## گاؤں میں قربانی کا وقت

**سوال:** گاؤں میں قربانی کا وقت کب شروع ہوتا ہے؟

User ID: رونق رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

گاؤں میں چونکہ نماز عید مشروع نہیں لہذا وہاں صبح صادق طلوع ہوتے ہی یعنی جیسے ہی فجر کا وقت شروع ہو قربانی کرنا جائز ہے مگر افضل یہ ہے کہ سورج نکلنے کے بعد کی جائے۔ بہار شریعت میں ہے: شہر میں قربانی کی جائے تو شرط یہ ہے کہ نماز ہو چکے لہذا نماز عید سے پہلے شہر میں قربانی نہیں ہو سکتی اور دیہات میں چونکہ نماز عید نہیں ہے یہاں طلوع فجر کے بعد سے ہی قربانی ہو سکتی ہے اور دیہات میں بہتر یہ ہے کہ بعد طلوع آفتاب قربانی کی جائے اور شہر میں بہتر یہ ہے کہ عید کا خطبہ ہو چکنے کے بعد قربانی کی جائے۔ (بہار شریعت، جلد 3، صفحہ 337)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

1ذو الحجہ 1443 11جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

64

## بیرون ملک سے قربانی

**سوال:** ایک شخص جو یورپ میں رہتا ہے وہ پاکستان میں قربانی کروانا چاہتا ہے مگر یورپ کے کچھ ممالک میں پاکستان سے چھ سات گھنٹے بعد دس ذوالحجہ کی صبح صادق ہو گی تو اب قربانی کا کیا حکم ہے؟

User ID: عادل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قربانی کے درست ہونے کے لئے ضروری ہے کہ وکیل و مؤکل دونوں کے مقام پر قربانی کا وقت ہو یعنی ایسا بھی نہیں ہو سکتا کہ دونوں میں سے کسی ایک مقام پر ابھی قربانی کا وقت شروع نہ ہوا ہو اور نہ ہی ایسا ہو سکتا ہے کہ دونوں میں سے ایک مقام پر قربانی کا وقت گزر چکا ہو، لہذا پاکستان میں قربانی کرنے والے پر لازم ہے کہ جس جگہ مؤکل ہے وہاں بھی قربانی کا وقت شروع ہونے کے بعد قربانی کرے البتہ مؤکل کا نماز عید پڑھ لینا ضروری نہیں اگر وکیل شہر میں ہے اور وہاں کسی مقام پر نماز عید کی ادائیگی ہو چکی ہے تو قربانی درست ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

4ذو الحجہ 1443/4جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

65

## بڑے جانور میں پانچ حصے

**سوال:** کیا بڑے جانور کی قربانی میں پانچ حصے ہو سکتے ہیں یا سات ہی ضروری ہیں؟

User ID: ملک عثمان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بڑے جانور مثلا گائے، اونٹ وغیرہ میں زیادہ سے زیادہ سات افراد کی طرف سے قربانی ہو سکتی ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ سات سے زیادہ لوگ اس میں شریک نہیں ہو سکتے کیونکہ اس صورت میں کسی کا حصہ مکمل ایک حصہ سے کم ہو جائے گا جبکہ قربانی میں کم از کم ایک حصہ مکمل ہونا ضروری ہے، لیکن سات سے کم افراد اس میں شریک ہونا چاہیں تو اس میں کوئی حرج نہیں کیونکہ اس صورت میں ایک حصہ تو مکمل ہی رہے گا، ایک سے حصہ بڑھ جائے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں۔ (ملخصا: رد المحتار، ج9، صفحہ 524)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

14 ذو القعدہ 1443ھ 14 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

66

## میت کی طرف سے قربانی کی توگوشت

**سوال:** اگر کسی نے میت کی طرف سے قربانی کی تو گوشت صدقہ کرنا ہوگا یا خود بھی کھا سکتا ہے؟ User ID: آدم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر میت کی طرف سے قربانی میت کے کہنے پر میت کے مال سے کی یعنی میت نے قربانی کی وصیت کی تھی تو اس کو صدقہ کرنا ضروری ہے، خود اس میں سے نہیں کھا سکتا، اور اگر میت کے کہے بغیر اپنے مال سے کردی تو اس میں سے خود بھی کھا سکتا ہے۔ فتاوی قاضی خان میں ہے: ولو ضحی عن میت من مال نفسه بغیر امر المیت جاز، وله ان یتناول منه ولا یلزمه ان یتصدق به لانها لم تصر ملکا للمیت بل الذبح حصل علی ملکه۔ وان ضحی عن میت من مال المیت بامر المیت یلزمه التصدق بلحمه ولا یتناول منه لان الاضحیة تقع عن المیت

ترجمہ: اگر کسی نے میت کی طرف سے قربانی اپنے مال سے بغیر میت کے کہے کردی تو جائز ہے اور اس کے لئے اس میں سے کھانا بھی جائز ہے اور اس کو صدقہ کرنا ضروری نہیں اس لئے کہ یہ میت کی ملکیت نہیں بلکہ قربانی کرنے والے کی ملکیت ہوئی اور اگر میت کی طرف سے قربانی میت کے مال سے میت کے کہنے پر کی تو گوشت کو صدقہ کرنا ضروری ہے اور اس میں سے خود نہیں کھا سکتا اس لئے کہ یہ میت کی طرف سے واقع ہوئی۔ (3/239)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

4 ذو الحجہ 1443/4 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

67

## قربانی کے جانور کا خون

**سوال:** قربانی کے جانور کا خون گھر کے دروازے پر ڈالنا کیسا؟

User ID: نعمان شاہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جانور چاہے قربانی کا ہو یا اس کے علاوہ، بوقت ذبح نکلا ہوا خون نجاست غلیظہ ہے اور اس خون کو گھر کے دروازوں پر لگانا پاک چیز کو ناپاک کرنا ہے جو کہ حرام ہے اور اس عمل کی شرعا کوئی حقیقت نہیں بلکہ یہ جہالت اور علم دین سے دوری کے باعث ہے۔



واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

14ذو الحجہ 1443/14 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

68

## قربانی میں دم کا حصہ

**سوال:** کیا قربانی کے بڑے جانور میں ایک حصہ دم کا بھی ہو سکتا ہے؟

User ID: محمد فرقان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جس جانور میں سات حصے رکھے جاسکتے ہیں اس میں بنیادی شرط یہ ہے کہ سب کی نیت تقرب کی ہو البتہ تقرب کا ایک ہی قسم سے ہونا ضروری نہیں لہذا قربانی کے جانور میں دم کا حصہ بھی شامل کیا جا سکتا ہے البتہ اس میں دم کا حصہ ہو تو قربانی حدود حرم میں ہونا ضروری ہے۔ بہار شریعت میں ہے: قربانی کے سب شرکا کی نیت تقرب ہو اس کا یہ مطلب ہے کہ کسی کا ارادہ گوشت نہ ہو اور یہ ضرور نہیں کہ وہ تقرب ایک ہی قسم کا ہو مثلاً سب قربانی ہی کرنا چاہتے ہیں بلکہ اگر مختلف قسم کے تقرب ہوں وہ تقرب سب پر واجب ہو یا کسی پر واجب ہو اور کسی پر واجب نہ ہو ہر صورت میں قربانی جائز ہے مثلاً دم احصار اور احرام میں شکار کرنے کی جزا اور سر منڈانے کی وجہ سے دم واجب ہوا ہو اور تمتع و قران کا دم کہ ان سب کے ساتھ قربانی کی شرکت ہو سکتی ہے۔ (3/343)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــــــــــــــــــــــــــــــــ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

19 ذوالحجہ 1443/19 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

خواتین کے
مسائل

69

## عورت کا علماء کی ویڈیو دیکھنا

**سوال:** کیا عورت مرد علماء کرام کی ویڈیو دیکھ سکتی ہے؟

User ID: عبداللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر علماء کی ویڈیوز دیکھنے سے عورت کو بری خواہش پیدا نہیں ہوتی تو دیکھ سکتی ہے کیونکہ عورت کا مرد اجنبی کو دیکھنے کا حکم وہی ہے جو مرد کا مرد کو دیکھنے کا ہے یعنی ناف کے نیچے سے لے کر گھٹنوں کے نیچے تک نہیں سکتی، باقی بدن کو شہوت نہ ہونے کی صورت میں دیکھ سکتی ہے، البتہ عورت کو شہوت کا گمان بھی ہو تو دیکھنا ممنوع ہو گا۔

(ماخوذا: عالمگیری، 5/327)



واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

29 ذو القعدہ 1443ھ 29 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

70

## مانع حیض ادویات

**سوال:** عورت کا دوران حج یا رمضان میں مانع حیض ادویات استعمال کرنا کیسا؟

User ID: محمد طیب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورت کا مانع حیض ادویات استعمال کرنا شرعا جائز ہے مگر طبی اعتبار سے نقصان دہ ہو سکتا ہے اس لئے کسی ماہر ڈاکٹر سے مشورہ کرنے کے بعد استعمال کی جائیں۔



واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

2ذو الحجہ 2/1443 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

71

## بچہ دانی کا آپریشن

**سوال:** بچہ دانی کا آپریشن کروانا کیسا؟

User ID: شیر زمان خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

آپریشن کے ذریعے بچہ دانی نکلوا دینا حرام ہے کہ یہ عضو کو ضائع کرنا اور مثلہ ہے جو کہ حرام ہے۔حدیث پاک میں ہے ولا تمثلوا ترجمہ: اور مثلہ نہ کرو۔ (مسلم، 1731)

الموسوعہ الفقہیہ الکویتیہ میں ہے: لا یجوز للمراۃ تغییر شئی من خلقتھا التی خلقھا اللہ علیھا بزیادۃ او نقص ترجمہ: عورت کے لئے جائز نہیں کہ جس خلقت پر اسے اللہ پاک نے پیدا فرمایا ہے اس میں کمی یا زیادتی کے ساتھ تبدیلی کرے۔ (11/274)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

13ذو الحجہ 1443/13 جولائی 2022ء

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

72

## دو سال تک دودھ پلانا

**سوال:** کیا بچے کو دو سال تک دودھ پلانا ضروری ہے اگر کسی مجبوری کی بنا پر پہلے چھڑوا دے تو کیا حکم ہے؟

User ID: وقاص

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورت بچے کو زیادہ سے زیادہ ہجری سن کے حساب سے دو سال تک دودھ پلا سکتی ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ دو سال سے زیادہ نہیں پلا سکتی، کمی کی جانب کوئی حد نہیں، اگر کسی وجہ سے پہلے چھڑوا دیا تو بھی جائز ہے مگر ایسی صورت میں بچے کی غذا کا مناسب انتظام کیا جانا چاہیے تا کہ اس کی صحت پر اثر نہ پڑے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

24ذو الحجہ 24/1443جولائی 2022ء

الصلوة والسلام علیك یارسول الله
بسم الله الرحمن الرحیم
وعلی آلك واصحبك یاحبیب الله
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

73

## لڑکا گود لینا

**سوال:** اگر لڑکا گود لیا تو کیا وہ عورت کے لئے محرم ہو گا؟

User ID: بنت عباس

بسم الله الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اگر لڑکا گود لیا تو اس کے بالغ ہونے کے بعد گود لینے والی عورت سے اس کا پردہ ہو گا اس لئے عورت کو چاہیے کہ دو سال کے اندر اندر یا تو اپنا یا اپنی بیٹی یا بہن یا والدہ یا بھتیجی یا بھانجی کا دودھ اس لڑکے کو پلوا دے تاکہ اس عورت کے ساتھ اس کا دودھ کا رشتہ قائم ہو جائے اور پردہ کرنا ضروری نہ رہے، ڈھائی سال تک بھی دودھ پلایا تو دودھ کا رشتہ قائم ہو جائے گا مگر دو سال کے بعد عورت کا پلانا ناجائز ہے۔

والله اعلم عزوجل و رسوله اعلم صلی الله علیه و آله وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

24 ذوالحجہ 1443/24 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# حلال و حرام

74

## الکوحل والا پرفیوم

**سوال:** الکوحل والا پرفیوم اور عطر استعمال کر سکتے ہیں؟

User ID: شیراز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

آج کے دور میں کئی خارجی استعمال والی چیزوں میں الکوحل ہوتا ہے اور اس سے بچنا تقریبا ناممکن ہے اور عوام وخواص سب ہی ان چیزوں کو استعمال کرتے ہیں لہذا ہمارے زمانے کے کئی فقہاء نے خارجی استعمال کی چیزوں میں الکوحل کی اجازت دی ہے اور کھانے پینے کی چیزوں میں یہ اجازت دواؤں کے ساتھ خاص ہے، پرفیوم، باڈی اسپرے اور عطر کا استعمال بھی خارجی ہے لہذا اس کا استعمال بھی جائز ہے اور اسے لگا کر نماز بھی ہو جائے گی البتہ ضرورت نہ ہو تو اس سے بچنا ہی بہتر ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

14 ذو القعدہ 1443ھ 14 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

75

## نادرا میں نوکری کرنا کیسا

**سوال:** نادرا میں نوکری کرنا کیسا ہے کیونکہ وہاں ہر وقت تصویر کشی ہوتی ہے؟

User ID: لیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

شناختی کارڈ کے لئے تصویر بنوانا شدید ضرورت وحاجت کی وجہ سے جائز ہے اور اس کے لئے تصویر لینا بھی اسی ضرورت کے تحت جائز ہے لہذا وہاں نوکری کرنا جائز ہے جبکہ ممانعت کی اور کوئی وجہ نہ ہو۔



واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

17ذو القعدہ 1443 / 17 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

76

## جاندار کی تصویر والا لباس

**سوال:** کیا نماز کے علاوہ جاندار کی تصویر والا لباس پہننا جائز ہے؟

User ID: علی رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز کے علاوہ بھی جاندار کی تصویر والا لباس پہننا ناجائز ہے۔ فتاوی شامی میں ہے: تکرہ التصاویر علی الثوب صلی فیه اولا و ھذہ الکراھة تحریمیة ترجمہ: کپڑے پر جاندار کی تصویر کا ہونا مکروہ ہے چاہے اس میں نماز پڑھے یا نہ پڑھے اور یہ مکروہ تحریمی ہے۔ (شامی، جلد 2، صفحہ 502)



واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

17 ذوالقعدہ 1443ھ 17 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

77

## گھوڑی کا دودھ

**سوال:** گھوڑی کے دودھ کا کیا حکم ہے؟

User ID: حافظ شاش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

گھوڑی کا دودھ پینا ناجائز اور گناہ ہے۔ بہار شریعت میں ہے: حرام جانوروں کا دودھ نجس ہے، البتہ گھوڑی کا دودھ پاک ہے مگر کھانا جائز نہیں۔ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 393)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

21 ذو القعدہ 1443ھ 21 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

78

## حلال اور حرام جانور کی پہچان

**سوال:** ہمیں کیسے پتا چلے کہ کون سا جانور حلال ہے اور کونسا حرام؟

User ID: سید طارق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فتاوی نوریہ میں ہے: "درندے یعنی زمینی جانور دو قسم کے ہیں: خون والے، بے خون۔ وہ تمام جانور جن میں دم مسفوح نہیں، حرام ہیں جیسے حشرات الارض، بچھو، سانپ، کیڑے مکوڑے وغیرہ۔ ایسے تمام جانور جن میں بہنے والا خون ہو ان میں سے درندے یعنی کیلے سے شکار کرنے والے جانور مثلا شیر، چیتا، کتا وغیرہ حرام ہیں، ان کے علاوہ سب حلال ہیں۔ (اونٹ اگرچہ کیلے والا جانور ہے مگر وہ شکار نہیں کرتا، لہذا اس حکم حرمت میں داخل نہیں)۔ بھیمۃ الانعام یعنی بے زبان مویشی جن کی حرمت شریعت میں وارد نہیں سب حلال ہیں مثلا اونٹ، گائے، بھیڑ، بکری وغیرہ۔

(فتاوی نوریہ، جلد 3، کتاب الذبائح، صفحہ 381، دار العلوم حنفیہ فریدیہ بصیر پور)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ ــــــــــــــــــــــــ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

5 ذو الحجہ 1443/5 جولائی 2022ء

## 79 قبر پر عطر لگانا

**سوال:** قبروں پر عطر لگانا کیسا؟

User ID: محمد طاہر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قبروں پر عطر لگانا جائز نہیں کہ یہ اسراف اور مال کو ضائع کرنا ہے البتہ تلاوت قرآن کی تعظیم یا لوگوں کو راحت پہنچانا مقصود ہو تو اچھی معیاری خوشبو لوگوں کو لگانے کے لئے دی جاسکتی ہے۔



واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

13 ذوالحجہ 1443/13 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

80

## فحش کہانیاں پڑھنا سننا

**سوال:** فحش کہانیاں پڑھنا کیسا؟

User ID: محمد سخاوت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

دین اسلام کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ حرام کی طرف لے جانے والے کاموں کو بھی ممنوع قرار دیا ہے، جس طرح زنا حرام ہے اسی طرح اس کے دواعی یعنی اس کی طرف بلانے اور لے جانے والے کاموں کو بھی ناجائز قرار دیا ہے، اسی وجہ سے حدیث پاک میں فرمایا آنکھوں کا زنا بد نگاہی ہے، زبان کا زنا فحش گفتگو کرنا ہے۔ فحش کہانیاں چونکہ شہوت کو ابھارنے، زنا کی طرف لے جانے، آنکھوں کو حرام میں مبتلا کرنے کا ذریعہ ہیں اور فحش گفتگو بذات خود بھی ناجائز ہیں کہ احادیث میں اس کی وعیدات موجود ہیں لہذا ایسی کہانیاں لکھنا، پڑھنا، سننا اور ان کہانیوں کی تحریری ویڈیوز بنانا سب ناجائز اور گناہ ہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

17ذوالحجہ 1443/17 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

81

## راستے میں گری ہوئی چیز کو خود استعمال کرنا

**سوال:** اگر راستے میں کوئی رقم یا سامان ملے اور مالک بھی نہ ملے تو کیا خود استعمال کر سکتے ہیں؟

User ID: طارق ارشد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

گرا پڑا مال کہیں ملا تو اس کو اپنے استعمال کے لئے نہیں اٹھا سکتے بلکہ وہ چیز اٹھانے والے کے لئے حکم یہ ہے کہ اس کے مالک کی تلاش کرے اور اس چیز کی تشہیر کرے، مالک مل جائے تو اس کو دے دے اور اگر اتنی تشہیر کی کہ اب مالک کے ملنے کی امید ختم ہو گئی تو اگر خود شرعی فقیر ہے تو اپنے استعمال میں لا سکتا ہے ورنہ کسی شرعی فقیر کو دے دے البتہ یہ یاد رہے کہ کل کو مالک آجائے اور وہ صدقہ پر راضی نہ ہو تو چیز اٹھانے والا اپنے پلے سے اسے ادائیگی کرے گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

19 ذوالحجہ 1443/19 جولائی 2022ء

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

82

## ملی نغمے اور قومی ترانے سننا

**سوال:** ملی نغمے اور قومی ترانے سننا کیسا؟

User ID: عثمان الیاس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ملی نغموں اور ترانوں میں میوزک ہو تو اس کا سننا جائز نہیں اور اگر میوزک نہ ہو لیکن ان کے الفاظ خلاف شرع ہوں تو بھی سننا ناجائز ہے۔ اگر نغموں اور ترانوں میں میوزک نہ ہو اور اس کے الفاظ بھی خلاف شرع نہ ہوں تو اس کا سننا پڑھنا جائز ہے۔



واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

26ذو الحجہ 1443/26جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

83

## معجزہ ہوگیا کہنا کیسا

**سوال:** بعض لوگ کسی بات پر کہہ دیتے ہیں کہ اب تو معجزہ ہی ہو سکتا ہے ایسا کہنا کیسا؟

User ID: کنول

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

یہ جملہ بولنا شرعا ممنوع ہے کیونکہ لفظ معجزہ ایک شرعی اصطلاح ہے جو نبی کے ساتھ خاص ہے لیکن یہ چونکہ محاورے کے طور پر بولا جاتا ہے جس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اب بظاہر اسباب نظر نہیں آرہے بس اللہ پاک کی خاص مدد ہی ہو سکتی ہے لہذا اس پر کوئی سخت حکم نہیں، بہر حال اس کی جگہ لفظ کرشمہ بولا جاتا ہے لہذا یہ استعمال کیا جائے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

1ذو الحجہ 1443 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

84

## شوہر بیوی کا ایک دوسرے کو ہاتھ سے فارغ

**سوال:** کیا شوہر بیوی ایک دوسرے کو ہاتھ سے ڈسچارج کر سکتے ہیں؟

User ID: سید آحل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شوہر بیوی کا ایک دوسرے کو ہاتھ سے ڈسچارج (فارغ) کرنا جائز ہے۔ فتاوی شامی میں ہے: یجوز ان یستمنی بید زوجتہ ترجمہ: بیوی کے ہاتھ سے فراغت (منی خارج کروانا) جائز ہے۔

(شامی، جلد6، صفحہ 44)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

25ذو الحجہ 1443/25 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

## 85 غیر مسلم کا فاتحہ

**سوال:** اگر کسی نے غیر مسلم کا فاتحہ پڑھ لیا اور اس کو معلوم نہیں تھا کہ یہ غیر مسلم ہے تو کیا حکم ہے اور جس کو معلوم تھا اس کے لئے کیا حکم ہے؟

User ID: عدنان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کسی نے غیر مسلم کا فاتحہ پڑھ دیا یعنی اس کے لئے ایصال ثواب اور دعائے مغفرت کی اور اسے معلوم نہیں تھا کہ یہ غیر مسلم ہے تو اس پر کوئی گناہ نہیں اور جس کو معلوم تھا اگر اس نے غیر مسلم کو مرحوم و مغفور سمجھ کر ایسا کیا تو دائرہ اسلام سے خارج ہو گیا اور اگر یہ سمجھ کر نہ کیا تو بھی حرام کام کیا اور وہ گناہ گار ہوا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

24ذو الحجہ 24/1443جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

86

## غیر مسلم سے علاج

**سوال:** غیر مسلم ڈاکٹر سے علاج کروانا کیسا؟

User ID: عادل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر مسلمان ڈاکٹر دستیاب نہ ہو یا اس کے علاج سے افاقہ نہ ہو رہا ہو اور غیر مسلم ڈاکٹر اپنے فن میں ماہر ہو تو اس سے علاج کروا سکتے ہیں۔ بحر الرائق میں ہے: ان المریض یجوز لہ ان یستطب بالکافر

ترجمہ: مریض کے لئے غیر مسلم ڈاکٹر سے علاج کروانا جائز ہے۔ (جلد2، صفحہ 493)



واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

25 ذو الحجہ 1443/25 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

87

## قرض لوٹاتے وقت زیادہ پیسے دینا

**سوال:** ایک شخص کو میں نے قرض دیا جب اس نے رقم واپس کی تو کہا کہ تم نے ضرورت کے وقت میری مدد کی یہ کچھ رقم اوپر رکھ لو کیا وہ میں لے سکتا ہوں؟

User ID: محسن عزیز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قرض دیتے وقت صراحۃ یا دلالۃ کسی طرح بھی زیادہ دینا مشروط نہیں تھا اور پیسے لوٹاتے وقت قرض دار نے اپنی خوشی سے زیادہ پیسے دیے تو اب وہ لینا جائز ہے کیونکہ سود میں پہلے سے زیادہ دینے کی شرط ہوتی ہے اور یہاں ایسا نہیں بلکہ یہ احسان اور تبرع یعنی ایک نیکی ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

17 ذو الحجہ 1443/17 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

کارو بار/جدید
مسائل

88

## ملک شیک کا کام

**سوال:** ملک شیک کا کام کرنا کیسا ہے کیونکہ اس میں پانی ملا دودھ ڈالا جاتا ہے؟

User ID: عبداللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ملک شیک کا کام کرنا جائز ہے جبکہ اس میں دھوکے کی صورت اختیار نہ کی جائے، اگر دودھ میں اتنا ہی پانی ملاتا ہے جتنا عموماً ملایا جاتا ہے اور لوگوں کو پتا ہے تو اس میں حرج نہیں ہاں اگر پانی ملے ہوئے دودھ کو خالص کہہ کر بیچے تو اس کا ایسا کرنا حرام ہے۔



واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

29ذو القعدہ 1443 29 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

89

## کرنسی کاریٹ بڑھنے پر بیچنا

**سوال:** اگر کوئی شخص کرنسی کم ریٹ میں خریدے اور ریٹ بڑھنے پر بیچ دے تو ایسا کرنا کیسا؟

User ID: عبداللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

کم قیمت پر کرنسی خرید کر ریٹ بڑھنے پر زیادہ قیمت پر بیچ دینا جائز ہے جبکہ کرنسی کے بدلے کرنسی کی خرید وفروخت ہاتھوں ہاتھ ہو اور خریدنے والا یا اس کا وکیل کرنسی پر قبضہ بھی کرلے، اگر کرنسی کی خرید وفروخت ادھار ہو یا قبضہ کئے بغیر آگے بیچا تو یہ ناجائز ہے۔ مجلس شرعی کے فیصلہ میں ہے: دو ملکوں یا ایک ہی ملک کی کرنسیوں کی باہم خرید وفروخت صرف نقد جائز ہے گو کہ کمی بیشی کے ساتھ ہو اور اگر کسی طرف ادھار ہو تو ناجائز ہے کہ یہ جنس کے بدلہ جنس کی ادھار بیع ہے جو ایک طرح کا سود ہے۔ (چوتھا فقہی سیمینار، مجلس شرعی مبارکپور)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

23ذو القعدہ 1443ھ 23جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

90

## ٹاپ مارنا کیسا

**سوال:** ایک پارٹی کہتی ہے کہ یہ پلاٹ دس لاکھ میں بیچ دو ہم اگر بارہ لاکھ میں بیچیں اور دو لاکھ خود رکھیں تو کیسا؟

User ID: میر حسان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایة الحق والصواب

ایسا کرنا شرعا جائز نہیں بلکہ آپ پر لازم ہے کہ جتنا کمیشن رائج ہے وہی لیں اور اوپر جو بھی رقم آئے وہ مالک کو بتادیں وہ اگر اپنی خوشی سے آپ کے مطالبے کے بغیر دینا چاہے تو لے سکتے ہیں، وجہ یہ ہے کہ بروکر ایک نمائندہ ہے نہ وہ پلاٹ اس کا ہے نہ رقم لہذا بروکر پر لازم ہے کہ جتنے کی پراپرٹی فروخت ہو اس کی کل رقم مالک کے حوالے کر دے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

28 ذو القعدہ 1443ھ 28 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الصلوۃ والسلام علیك یا رسول اللہ
بسم اللہ الرحمن الرحیم
وعلی آلك واصحبك یا حبیب اللہ
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

91

## سگریٹ بیچنا

**سوال:** دکان پر سگریٹ اور پان بیچنا کیسا؟

User ID: عرفان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جو چیز نشہ آور نہ ہو اس کا بیچنا جائز ہے، چونکہ پان اور سگریٹ میں نشہ نہیں ہوتا لہذا اس کا بیچنا بھی جائز ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: پان کھانا جائز ہے اور اتنا چونا بھی کہ ضرر نہ کرے اور اتنا تمبا کو بھی کہ حواس پر اثر نہ آئے۔ (فتاوی رضویہ، جلد 24، صفحہ 558)



واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

30 ذو القعدہ 1443 ھ 30 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

92

## گٹکا کھانا اور بیچنا

**سوال:** گٹکا کھانا اور بیچنا کیسا؟

User ID: طیب قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ایسا گٹکا جس میں حرام اجزا کی ملاوٹ کا یقین نہ ہو وہ کھانا جائز ہے البتہ اس سے بچنا چاہیے کہ صحت کے لئے نقصان دہ ہے۔ ایسا گٹکا بیچنا بھی شرعا جائز ہے لیکن اگر قانونی پابندی ہو اور پکڑے جانے کا قوی اندیشہ ہو تو اب بیچنا ناجائز ہو جائے گا کیونکہ اس میں اپنے آپ کو خطرے اور ذلت پر پیش کرنا پایا جارہا ہے۔ ایسا گٹکا جس میں حرام اشیاء کے ملے ہونے کا یقین ہو اس کا بنانا، کھانا اور بیچنا سب ناجائز ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

17 ذوالحجہ 1443/17 جولائی 2022ء

93

## اسمگلنگ کا مال خریدنا

**سوال:** اسمگل کیا ہوا مال خریدنا کیسا؟

User ID: وقاص اجمل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اسمگلنگ کرنا ناجائز ہے کیونکہ یہ غیر قانونی ہے اور اس میں اپنے آپ کو ذلت پر پیش کرنا پایا جاتا ہے اس لئے کہ پکڑے جانے کی صورت میں رسوائی اور قید کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے البتہ اسمگل کیا ہوا مال خریدنے سے بچنا چاہیے بالخصوص ایسے مقامات پر جہاں پکڑ دھکڑ ہوتی ہے، اگر پکڑے جانے کا قوی خطرہ ہو تو اسمگلنگ کا مال خریدنا جائز نہیں

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

15 ذوالحجہ 1443/15 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الصلوۃ والسلام علیک یارسول اللہ
بسم اللہ الرحمن الرحیم
وعلی آلک واصحبک یاحبیب اللہ
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

94

## یوٹیوب کے سبسکرائبر بیچنا

**سوال:** کیا یوٹیوب کے سبسکرائبر بیچنا جائز ہے؟

User ID: اسد قیصرانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

خرید وفروخت کے اندر ضروری ہے کہ جو چیز خریدی یا بیچی جارہی ہے وہ مال ہو اور بیع کے قابل ہو اور یوٹیوب کے سبسکرائبر مال نہیں نہ ہی بیع کے قابل ہیں لہذا یوٹیوب کے سبسکرائبر بیچنا ناجائز اور باطل ہے۔



واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

19 ذوالحجہ 1443/19 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ　　وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ

Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

95

## نیٹ ورک مارکیٹنگ

**سوال:** نیٹ ورک مارکیٹنگ جائز ہے یا نہیں؟ اس کا مختصر تعارف یہ ہے کہ بعض کمپنیاں اپنی پروڈکٹ بیچنے کے لئے ممبر شپ دیتی ہیں مگر اس کمپنی کا ممبر بننے کے لئے پہلے اس کی کوئی پروڈکٹ خریدنا پڑتی ہے یا پیسے دے کر ممبر شپ حاصل کرنا پڑتی ہے اور مزید لوگوں کو اس کمپنی کی پروڈکٹ خریدنے اور ممبر بننے کی ترغیب دینا ہوتی ہے جتنے ممبر بنتے ہیں اس پر مخصوص کمیشن ملتا ہے پھر ایک چین چلتی ہے کہ جیسے کوئی ممبر کسٹمر لائے اس پہلے والے کو کمیشن ملتا رہتا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نیٹ ورک مارکیٹنگ کا طریقہ کار کئی شرعی خرابیوں کا مجموعہ ہے لہذا یہ کام کرنا اور اس کا ممبر بننا ناجائز اور حرام ہے۔ چند خرابیوں کا ذکر کیا جاتا ہے۔

(1) کمپنیوں کا ممبر بننے والا دو معاہدے کرتا ہے، ایک کمپنی کی پروڈکٹ کو خریدنا دوسرا ممبر بنوانے کے بدلے کمیشن کا ملنا، چونکہ یہ دونوں عقد ایک دوسرے سے مشروط ہوتے ہیں اور حدیث میں اس سے منع کیا گیا ہے۔ نھی عن بیع و شرط ترجمہ: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے خریداری اور شرط سے منع فرمایا۔ (المعجم الاوسط، 4/335)

(2) کمیشن لینے کا طریقہ کار شرعی اصولوں کے خلاف ہے کہ اس سسٹم میں جو چین چلتی ہے کہ جتنے ممبر آئیں سب سے پہلے والے کو کمیشن ملتا رہتا ہے یہ ناجائز ہے کیونکہ کمیشن کا مستحق ہونے کے لئے ضروری ہے کہ وہ محنت و کوشش کرے اور یہاں بغیر محنت کے کمیشن مل رہا ہوتا ہے۔ رد المحتار میں ہے: الدلالۃ و الاشارۃ لیست بعمل یستحق بہ الاجر، وان قال علی سبیل الخصوص بان قال لرجل بعینہ ان دللتنی علی کذا فلک کذا، ان مشی لہ فدلہ فلہ اجر المثل للمشی لاجلہ، لان ذلک عمل یستحق بعقد الاجارۃ ترجمہ: صرف بتانا اور اشارہ کرنا ایسا عمل نہیں ہے جس سے وہ اجرت کا مستحق ہو، اگر کسی نے خاص طور پر کسی شخص کو کہا کہ اگر تو فلاں چیز پر میری رہنمائی کرے تو اتنی اجرت دوں گا، اگر وہ شخص چل کر رہنمائی کرے تو وہ اجرت مثل کا مستحق ہو گا اس کے لئے چلنے کی وجہ سے کیونکہ چلنا ایسا عمل ہے جس پر عقد اجارہ میں اجرت کا مستحق ہوتا ہے۔ (شامی، 9/159)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

19 ذو الحجہ 1443/19 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

96

## فاریکس ٹریڈنگ

**سوال:** فاریکس ٹریڈنگ کا کام کرنا کیسا؟ اس کام میں عموما کرنسی، تیل یا سونا وغیرہ بیچا جاتا ہے مگر بیچنے والا بغیر قبضہ کئے اس کو آگے بیچ دیتا ہے۔

User ID: ارسلان ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

فاریکس ٹریڈنگ کا کام شرعاً ناجائز ہے کیونکہ اس میں مال پر قبضہ کئے بغیر اس کو آگے بیچ دیا جاتا ہے اور غیر منقولی اشیاء کو قبضہ سے پہلے آگے بیچنا ناجائز ہے کیونکہ حدیث پاک میں اس کی ممانعت وارد ہوئی ہے۔نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۔۔۔عن بیع ما لم یقبض ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس چیز کو بیچنے سے منع فرمایا جس پر قبضہ نہ کیا ہو۔ (المعجم الاوسط، باب الالف، جلد 2، صفحہ 153، قاھرۃ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

30ذو القعدہ 1443 30 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

97

## ایفیلیٹ مارکیٹنگ

**سوال:** ایفیلیٹ مارکیٹنگ کا کام کرنا کیسا ہے؟ اس کام میں ایک ویب سائٹ کسی غیر معروف کمپنی کی پروڈکٹ کو اپنی ویب سائٹ پر لگاتی ہے اور لوگ اس ویب سائٹ کے ذریعے اس پروڈکٹ کی اصل ویب سائٹ تک پہنچتے ہیں، اور تشہیر کرنے والی ویب سائٹ کو اس تشہیر پر کمیشن ملتا ہے۔

User ID: اویس قاضی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اگر تشہیر کرنے والی ویب سائٹ جائز چیزوں کی تشہیر کرے اور اس میں ناجائز تصویریں نہ ڈالے اور اس کا کمیشن طے اور عرف کے مطابق ہو تو affiliate marketing جائز ہے کیونکہ یہ ایک تشہیری سروس ہے جو ویب سائٹ دوسری کمپنیوں کو فراہم کرتی ہے لہذا پروڈکٹ کا جائز ہونا، تشہیر کا جائز طریقے پر ہونا اور رائج کمیشن کا طے ہونا ضروری ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــــــــــــــــــــــــــــــ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

28 ذو القعدہ 1443ھ 28 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

98

## ادھار لے کر رقم ٹرانسفر کرنے پر زیادہ دینا

**سوال:** بعض لوگ ایزی پیسہ والوں کو کہتے ہیں کہ ہمیں اتنی رقم ادھار کے طور پر ٹرانسفر کردو میرا فلاں رشتہ دار آپ کو کچھ اضافے کے ساتھ واپس لوٹا دے گا؟

User ID: محمد نواز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

معلوم کی گئی صورت خالص سود کی ہے کیونکہ یہ قرض پر نفع ہے اور قرض پر نفع خالص سود ہے۔ حدیث پاک میں ہے: کل قرض جر منفعة فهو ربا ترجمہ: ہر وہ قرض جو نفع لائے سود ہے۔

(نصب الرایہ، جلد 4، صفحہ 60)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

24 ذو الحجہ 1443/24 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

99

## ڈیٹا ٹرانسفر

**سوال:** بعض موبائل کی شاپس پر لوگ کمپیوٹر کے ذریعے ڈیٹا ٹرانسفر کرتے ہیں کیا یہ جائز ہے؟

User ID: طاہر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ڈیٹا چاہے کمپیوٹر سے ٹرانسفر کیا جائے یا موبائل سے یا کسی اور ذریعے سے، اگر وہ جائز ڈیٹا ہے اور اجرت طے ہے تو یہ کام کرنا جائز ہے اور اگر ڈیٹا ایسا ہے جس کا دیکھنا یا پڑھنا یا سننا ناجائز ہے یا اور کوئی شرعی خرابی ہے یا اجرت طے نہیں تو پھر یہ کام شرعا ناجائز ہے۔



واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

24 ذو الحجہ 1443/ 24 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

# الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

100

## ہیئر ٹرانسپلانٹ

**سوال:** کیا hair transplant کے ذریعے بال لگوانا جائز ہے؟

User ID: ملک افتخار

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اس طریقہ کار میں انسانی بالوں کو ایک جگہ سے لے کر دوسری جگہ لگایا جاتا ہے اور انسانی بالوں سے فائدہ حاصل کرنا چاہے اپنے ہی کیوں نا ہوں ناجائز ہے لہذا اس طریقہ پر مصنوعی بال لگوانا جائز نہیں۔



واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

17 ذو القعدہ 1443 17 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔